فہرست کتاب اقتباس الانوار من کلام الغفار

تمت

ولقد يسرنا القرآن للذكر فهل من مدكر

اقتباس الانوار

من

كلام الغفار

فهرس المضامين

من

كلام رب العالمين

در مطبع صدیقی واقع لاهور مطبوع گردید

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذی انزل علی عبدہ الکتب ولم یجعل لہ عوجا قیما لینذر باسا شدیدا من لدنہ
ویبشر المؤمنین الذین یعملون الصلحت ان لہم اجرا حسنا ماکثین فیہ ابدا وینذر الذین قالوا
اتخذ اللہ ولدا ما لہم بہ من علم ولا لابائہم کبرت کلمۃ تخرج من افواہہم ان یقولون الا
کذبا والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد الذی ارسلہ بالہدی ودین الحق لیظہرہ علی
الدین کلہ وکفی باللہ شہیدا وعلی الہ واصحابہ الذین جعلہم لدرج الاسلام
سرجا **اما بعد** کہتا ہے العبد الراجی الی رحمۃ اللہ **محمد عبید اللہ** کہ اس عاجز ضعیف
پر اللہ پاک کا بڑا انعام ہوا کہ مضامین کلام مجید وفرقان حمید کی فہرست لکہنے کا خیال دل مین سمایا مگر بوجہ چند در چند
اسکا مرتب کرنا میسر نہ آیا اب بتوفیق الٰہی اس ضعیف العباد کو آخر عمر مین اس امر اہم کی مشغولی نصیب ہوئی اور بعون اللہ
العزیز اختتام کو پہونچی ہر مسلمان پر لازم ہے کہ معانی اور مضامین قرآنی مین غور وتدبر کر کے سعادت دارین
حاصل کرے اور چشم عبرت سے اللہ جل جلالہ کے بیان ہدایت نشان کو دیکہے کہ محض اپنے بندون کی بہتری کے
لیئے اپنی کلام پاک مین کیا کیا مضامین مفیدہ اور کیسے کیسے قصص پسندیدہ ارشاد فرمائے ہین کہ کہین اعمال
حسنہ کا ذکر ہے توکہین اخلاق حمیدہ کی تعریف کہین رد شرک ہی توکہین توحید کی توصیف کہین دریائے
رحمت موج زن ہے توکہین شعلہ غضب آتش فگن کہین افعال قبیحہ کی نوہین ہے توکہین رسوم ذمیمہ
کی نفرین کسی مقام پر عجائب قدرت کا بیان ہے توکہین حکایات عربیہ کا تبیان کہین وعدہ کی تاکید ہے
اور کہین وعید کی تشدید غرض ایک دریائے ناپیدا کنار ہے لیکن ضرورت کے وقت ہر شخص کو ہر قسم

کی آیت کا از بر ہونا یا ذہن مین گذرنا مشکل و دشوار ہے پس جس شخص کے پاس یہ فہرست موجود ہوگی وہ اپنے
مخالفین کو گن گن کر بتا سکتا ہے کہ قرآن مجید مین اتنی آیات رد شرک و مراسم کفر و اعمال
قبیحہ و اخلاق ذمیمہ مین وارد ہوئی ہین اور منافقین اور سامعین کو جتا سکتا ہے کہ اس
قدر آیات احکام اور توحید و ترغیب و ترہیب و اعمال حسنہ و اخلاق رضیہ مین بیان ہوئی ہین
اگرچہ فہرستین کلام ربانی کی اور حضرات نے بھی لکھی ہین اللہ پاک اُن کو جزائے خیر دے
لیکن اس فہرس کی ایک طرز مرغوب و استخراج مضامین کے لیئے ایک روش محبوب ایسی
اختیار کی گئی ہے کہ جس سے ہر ادنے و اعلےٰ اپنے مطلب پر بزودی تمام فائز مرام
ہو سکتا ہے اور انشاء اللہ تعالےٰ واعظون کو اس سے بڑی مدد ملے گی اور مناظرین کو بھی
بہت کار آمد ہوگی اور اہل بصیرت کو اس سے عبرت حاصل ہوگی کہ اللہ اکبر فلان فلان مضامین نصائح
اللہ پاک کی کلام مین کسقدر بیان ہوئے ہین اور اگرچہ بحکم آیت کریمہ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا کے ہر
مضمون کی آیت کی استیعاب کا دعوے دشوار ہے لیکن بفضلہ تعالی اپنے خیال اور امکان کے
موافق کوشش ایسی ہی ہوئی ہے کہ استیعاب نہ ہو تو قریب قریب استیعاب کی ضرور ہے -
ہندوستان مین اہل مذاہب مشہور پانچ ہین مسلمان اور عیسائی اور ہندو اور انہین کے ساقی
جدید برہمو سماج اور آریہ سماج سو عیسائیون نے تو توحید کے گلے پر ایسی چھری رکھی کہ ایک خدا کے تین
خدا کر دیئے اور ہندو تو کھلے بت پرست ہین اور برہمو سماج کلام الٰہی اور وحی آسمانی کے قائل ہی
نہین ہین اور آریہ سماج دعوئی توحید کا کرتے ہین اور وید کو کلام الٰہی جانتے ہین لیکن انکے مذہب
مین اور وید مین اسقدر شرک بھرا ہوا ہے کہ دیوتا پرست اور عنصر پرست اور ستارہ پرست ہین اور شرک
فی الصفات مین ایسے مبتلا ہین کہ خدا کی پناہ تمام ارواح اور ذرات اجسام ان کے نزدیک
مثل ذات باریتعالی کے انادی یعنے قدیم ہین اور خدا کو خالق کسی چیز کا نہین جانتے انہین
ذرات اجسام اور ارواح کو باہم مرکب کر دینا یہہ کام خدا کا جانتے ہین چنانچہ کسی قدر
ذکر ان امور کا تصنیفات جناب مرزا غلام احمد صاحب اور رسالہ حجۃ اللہ مین مرقوم ہے - اسواسطے
اس وقت مین اس فہرس کے ہونے کی بہت ضرورت ہے اللہ پاک کا بڑا احسان ہے کہ اُسنے
اپنے فضل سے اس کو ختم کرا دیا اب یہہ دعا ہے کہ اللہ تعالی بطفیل اپنے حبیب جناب رسول
کریم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اس کتاب کو موجب ہدایت ہر خاص و عام کا کرے آمین -
امور قرآن مجید [illegible] کی تعریف کیا کر سکتا ہوں مگر اتنا کہتا ہوں کہ سب لوگ قرآن مجید کے مضامین

مین خوب غور کرین اور سب کی تحقیقات مین نرمی وانصاف اور صبر و تحمل سے کام لین پہراتنا اسد تعالی یہہ قرآن مجید آپ ہی سمجہاوے گا کہ شرک کو کسطرح مٹایا ہے اور توحید خالص کو کسقدر جمایا ہے اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ اور ایک التماس بیچ خدمت مخالفان مذہب اسلام کے کرتا ہون کہ جسطرز پر مینے یہہ فہرس لکہی ہے اسی طرز پر پادری صاحبان ایک فہرس بیبل کی اور آریہ سماج ایک فہرس وید کی ساتہہ ترجمہ اُردو زبان سلیس عام فہم کی مرتب کرکے طبع کراوین اور تمام وید اور اپنے مذہب کی کتابون کا ترجمہ کرکے چھپواوین لیکن کوئی مضمون ستارہ پرستی اور عنصر پرستی اور دیوتا پرستی اور انادی اور غیر مخلوق ہونے ارواح اور ذرات عالم کا عمداً از راہ خیانت کے ترک نکرین تاکہ حقیقت حال اور حسن و قبح انکے مذہب کا واضح ہو جاوی اور معلوم ہو جاوی کہ بیان شرک اور توحید اور اخلاق حمیدہ اور رذیلہ اور عبادات اور معاملات کا کسقدر رہوا ہے اگر وید کو حق جانتے ہین تو اُسکا ترجمہ کسواسطے طبع نہین کراتے اور کیون مخفی رکہہ چھوڑا ہے دیکہو قرآن اور حدیث کے تراجم فارسی اور اُردو اور ترکی پنجابی پشتو گجراتی وغیرہ مین کر دیئے گئے اور ہمیشہ لاکہون چھپ کے جاتے ہین تاکہ ہر قسم کے آدمی اسکو دیکہین اور فیض حاصل کرین اور دین کی کتاب ایسی ہوا کرتی ہے

جسکے حروف بلکہ اعراب تک کی گنتی موجود ہے تاکہ کسی معتقد اور غیر معتقد کو کسی

موقع مین کمی بیشی کرنے کی گنجائش ہی نرہے اور کیون نہ ہو اللہ

تعالے خود ذمہ دار حفاظت اس کلام پاک کا ہوا ہے اور

فرمایا ہے اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ

اور نام اس فہرس کا اقتباس الانوار

من کلام الغفار مقرر کیا اللہ تعالے

اس تو فیض بخش سے تمام جہان کو

منور کرے آمین و آخر

دعوانا اَنِ الْحَمْدُ

لِلّٰهِ رَبِّ

الْعٰلَمِيْنَ

ﷺ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پاره	سورة	رکوع	بیان توحید
	فاتحہ	۱	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ سب تعریف اللہ کو ہے جو صاحب سارے جہان کا بہت مہربان نہایت رحم والا مالک انصاف کے دن کا تجھی کو ہم بندگی کرین اور تجھی سے مدد چاہین چلا ہم کو راہ سیدہی۔
۱	البقرة	۳	فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سو نہ ٹہیراؤ اللہ کے برابر کوئی اور تم جانتے ہو۔
〃	〃	۱۰	وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ اور جب ہمنے لیا قرار بنی اسرائیل کا بندگی نہ کرو مگر اللہ کی۔
〃	〃	۱۴	وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ اور اللہ ہی کے واسطے ہی مشرق اور مغرب۔
〃	〃	۱۶	قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝ بولے ہم بندگی کرینگے تیرے رب اور تیرے باپ دادون کے رب کی ابراہیم اور اسمعیل اور اسحٰق وہی ایک رب ہی اور ہم اوسی کے حکم پر ہین۔
۲	〃	۱۹	وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ اور تمہارا رب اکیلا رب ہے کسی کو پوجنا نہین اسکے سوا بڑا مہربان ہے رحم والا۔
〃	〃	۲۰	وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ اور بعض لوگ ہین جو پکڑتے ہین اللہ کے سوا اورون کو دوست انکی محبت رکہتے ہین جیسے محبت اللہ کی اور ایمان والون کو اوس سے زیادہ ہے محبت اللہ کی۔
۳	〃	۳۴	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ اللہ اسکے سوا کسی کی بندگی نہین جیتا ہے سبکا تہامنے والا۔
〃	ال عمران	۱	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ اللہ اوسکے سوا کسی کی بندگی نہین جیتا ہے سبکا تہامنے والا۔
〃	〃	۲	شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ اللہ نے گواہی دی کہ کسی کی بندگی نہین اوسکے سوا اور فرشتون نے اور علم والون نے وہی حاکم ہے انصاف کا

پارہ	سورۃ	رکوع	
٣	آل عمران	٢	لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ کسی کو بندگی نہین اُسکے سوا زبردست ہے حکمت والا۔
〃	〃	٥	اِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ بیشک اللہ ہے رب میرا اور رب تمہارا سو اوسکو بندگی کرو یہ سیدھی راہ ہے۔
〃	〃	٦	فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ (الآیہ) (مباہلہ در توحید و تثلیث) پہر جو جھگڑا کرے تجھسے اس بات مین۔
〃	〃	〃	وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ اور کسی کی بندگی نہین سوا اللہ کے اور اللہ جو ہے وہی ہے زبردست حکمت والا۔
〃	〃	٧	قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاۗءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَـيْـــًٔـا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ تو کہہ اے کتاب والو آؤ ایک سیدھی بات پر ہمارے تمہارے درمیان کی کہ بندگی نہ کرین مگر اللہ کی اور شریک نہ ٹہیراوین اوسکے ساتہہ کوئی چیز اور نہ پکڑین آپس مین ایک ایک کو رب سوائے اللہ کے۔
〃	〃	٨	مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ (سہ آیات) کسی بشر کا کام نہین کہ اللہ اوسکو دیوی کتاب اور حکم اور پیغمبر کرے پہر وہ کہے لوگون کو کہ تم میرے بندے ہو۔
٥	نساء	٦	وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَـيْـــًٔـا اور بندگی کرو اللہ کی اور ملاؤ مت اسکے ساتہہ کسیکو۔
〃	〃	١١	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہین تمکو جمع کرے گا قیامت کے دن اس مین شک نہین۔
٦	المائدہ	١٠	وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ اور مسیح نے کہا ہے کہ اے بنی اسرائیل بندگی کرو اللہ کی جو رب ہے میرا اور تمہارا بیشک جسنے شریک کیا اللہ کا سو حرام کی اللہ نے اسپر جنت اور اسکا ٹہکانا دوزخ ہے اور کوئی نہین گنہگارون کی مدد کرنے والا۔
〃	〃	〃	وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ اور بندگی کسی کو نہین مگر ایک معبود کو۔
〃	〃	〃	قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۭ تو کہہ تم ایسی چیز پوجتے ہو اللہ کو چھوڑ کر جو مالک نہین تمہارے برے کی اور نہ بھلے کی۔
〃	〃	١٦	وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (تا چند آیات) اور جب کہے گا اللہ اے عیسیٰ مریم کے بیٹے تو نے کہا تہا لوگون کو کہ ٹہیراؤ مجھکو اور

پارہ	سورۃ	رکوع	
			سیری ان کو دو معبود سوائے اللہ کے۔
۷	المائدۃ	۱۶	مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِیْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ (تا آخر) مینے نہین کہا انکو مگر جو تونے حکم کیا کہ بندگی کرو اللہ کی جو رب ہے میرا اور تمہارا۔
۷	انعام	۲	وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ط وَاِنْ یَّمْسَسْكَ بِخَیْرٍ فَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اور اگر پہونچاوے اللہ تجھکو کچھ سختی پھر اسکو کوئی نہ اٹھاوے سوائے اللہ کے اور اگر تجھکو پہونچاوے بھلائی تو وہ ہر چیز پر قادر ہے۔
″	″	″	اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰی ط قُلْ لَّآ اَشْهَدُ ۝ کیا تم گواہی دیتے ہو اللہ کے ساتھ معبود اور بھی ہین تو ن کہہ مین نہ گواہی دونگا۔
″	″	″	قُلْ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ تو کہہ وہی ہے معبود ایک اور مین قبول نہین رکھتا جو تم شریک کرتے ہو۔
″	″	۵	قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰی قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَیْرُ اللّٰهِ یَاْتِیْكُمْ بِهٖ ط اُنْظُرْ كَیْفَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ ثُمَّ هُمْ یَصْدِفُوْنَ تو کہہ دیکھو تو اگر چہین لے اللہ تمہارے کان اور آنکھین اور مہر کردے تمہارے دلون پر کون وہ رب ہے اللہ کے سوا جو تمکو یہ لادیوے دیکھو ہم کیسے پہیرتے ہین باتین پہر وہ کنارہ کرتے ہین۔
″	″	۱۲	اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی (تمام رکوع تا یَصِفُوْنَ) بیشک اللہ پہوڑ کر نکالتا ہے دانہ کو اور کٹھلی نکالتا ہے۔
″	″	۱۳	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ فَاعْبُدُوْهُ (از بیش و بیس آیات) یہ اللہ ہے رب تمہارا اوسکے سوا کسی کو بندگی نہین بنا نیوالا ہر چیز کا سو تم اسکی بندگی کرو۔
″	″	″	اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ ۝ تو چل اسپر جو حکم آوے تجھکو تیرے رب سے کسی کی بندگی نہین سوا اسکی اور جانے دے شریک والون کو۔
۹	الاعراف	۱۶	قَالَ اَغَیْرَ اللّٰهِ اَبْغِیْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ کہا کیا اللہ کے سوا لادون تمکو کوئی معبود اور اسنے تمکو بڑی دی سب جہان پر۔
″	″	۲۰	لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ (از بیش و بیس) کسیکی بندگی نہین سوا اسکے زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے
۱۰	التوبۃ	۵	وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِیَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ج لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط اور حکم ہوا تہا کہ بندگی کرین ایک صاحب کی بندگی نہین اسکے سوا۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۱	التوبہ	۱۶	فان تولوا فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم پھر اگر وہ پھر جاوین تو تو کہہ بس ہے مجھکو اللہ کسی کی بندگی نہین سوا اسکے اوسی پر مینے بھروسا کیا اور وہی ہے صاحب بڑے تخت کا۔
۱۱	یونس	۱	ان ربکم اللہ الذی خلق السموات والارض فی ستۃ ایام ثم استوی علی العرش یدبر الامر ما من شفیع الا من بعد اذنہ بیشک تمہارا رب اللہ ہے جسنے بنائے آسمان اور زمین چھہ دنمین پھر قائم ہوا عرش پر تدبیر کرتا ہے کام کی کوئی سفارش کرسکے مگر جو پہلے اسکا حکم ہو۔
؍؍	؍؍	؍؍	ذلکم اللہ ربکم فاعبدوہ افلا تذکرون ۰ وہ اللہ ہے رب تمہارا سو اسکو پوجو کیا تم دھیان نہین کرتے
؍؍	؍؍	۲	ویعبدون من دون اللہ ما لا یضرھم ولا ینفعھم ویقولون ھؤلاء شفعاؤنا عند اللہ قل اتنبئون اللہ بما لا یعلم فی السموات ولا فی الارض سبحانہ وتعالی عما یشرکون ۰ اور پوجتے ہین اللہ سے نیچے جو چیز نہ برا کرے انکا اور نہ بھلا اور کہتے ہین یہ ہمارے سفارشی ہین اللہ کے پاس تو کہہ اللہ کو جتاتے ہو جو اسکو معلوم نہین کہین آسمانون مین اور نہ زمین مین وہ پاک ہے اور بہت دور ہے اس سے جو شریک کرتے ہین۔
؍؍	؍؍	۴	قل من یرزقکم افلا تتقون ۰ تو کہہ کون رزق دیتا ہے تمکو۔
؍؍	؍؍	؍؍	فذلکم اللہ ربکم الحق فماذا بعد الحق الا الضلال ۰ سو یہ اللہ ہے رب تمہارا سچا پھر کیا رہا سچ پیچھے مگر بھٹکنا۔
؍؍	؍؍	۹	قال امنت انہ لا الہ الا الذی امنت بہ بنو اسرائیل وانا من المسلمین کہا مین ایمان لایا ہین کہ کوئی معبود نہین مگر جسپر ایمان لائے بنی اسرائیل اور مین ہون حکم بردارون مین۔
؍؍	؍؍	۱۱	قل یایھا الناس ان کنتم فی شک من دینی فلا اعبد الذین تعبدون من دون اللہ ولکن اعبد اللہ الذی یتوفکم وامرت ان اکون من المؤمنین تو کہہ اے لوگو اگر تم شک مین ہو میرے دین سے تو مین نہین پوجتا جنکو تم پوجتے ہو اللہ کے سوا لیکن مین پوجتا ہون اللہ کو جو تمکو کھینچ لیتا ہے اور مجھکو حکم ہے کہ رہون ایمان والون مین۔
؍؍	؍؍	؍؍	وان اقم وجھک للدین حنیفا ولا تکونن من المشرکین (تا سہ آیات) اور یہ کہ سیدھا کر منہ اپنا دین پر ایکطرف کا ہوکر اور مت ہو شریک والون مین۔
۱۲	ھود	۲	فان لم یستجیبوا لکم فاعلموا انما انزل بعلم اللہ وان لا الہ الا ھو فھل انتم مسلمون ۰ پھر اگر نہ پورا کرین تمہارا کہنا تو جان لو کہ یہ اترا ہے اللہ کی خبر سے اور کوئی حاکم نہین سوا اسکے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			اُسکے پھر اب تم حکم مانتے ہو۔
۱۲	ھود	۳	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖٓ اِنِّیْ لَكُمْ نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ۝ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّیْٓ اَخَافُ عَلَیْكُمْ عَذَابَ یَوْمٍ اَلِیْمٍ ۝ اور ہمنے بھیجا نوحؑ کو اسکی قوم کیطرف کہ مین تمکو ڈرسناتا ہون کھولکر کہ نہ پوجو سوائے اللہ کے مین ڈرتا ہون تمپر عذاب سے ایک دکھہ والے دن کے
〃	〃	۵	وَاِلٰی عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ۝ اور عاد کیطرف بھیجا اونکا بھائی ہود کہا ہود نے اے قوم میری بندگی کرو اللہ کی کوئی تمہارا حاکم نہین سوائے اُسکے تم سب جھوٹ کہتے ہو۔
〃	〃	۶	وَاِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِیْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَیْهِ ؕ اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ ۝ اور ثمود کیطرف بھیجا انکا بھائی صالح کہا اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی حاکم نہین تمہارا اسکے سوا اسی نے بنایا تمکو زمین سے اور بسایا تمکو اسمین سو بخشش مانگو اس سے اور اسکی طرف آؤ بے شک میرا رب نزدیک ہے قبول کرنے والا
〃	〃	۸	وَاِلٰی مَدْیَنَ اَخَاهُمْ شُعَیْبًا ؕ قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اور مدین کیطرف بھیجا انکے بھائی شعیب کو کہا اے قوم بندگی کرو اللہ کی کوئی نہین تمہارا حاکم اسکے سوا
〃	یوسف	۵	یٰصَاحِبَیِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَیْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ؕ اے رفیقو بندیخانے کے بھلا کئی معبود جدا جدا بہتر ہین یا اللہ اکیلا زبردست
〃	〃	〃	اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ حکومت نہین کسی کی سوائے اللہ کے۔
〃	〃	〃	اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِیَّاهُ ؕ اُسنے فرمایا کہ نہ پوجو مگر اُسی کو
۱۳	الرعد	۴	قُلْ هُوَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَیْهِ مَتَابِ ۝ تو کہہ وہی رب میرا ہے کسیکی بندگی نہین سوائے اُسکے اُسی پر مینے بھروسا کیا ہے اور اُسی کیطرف ہے توبہ کرنا میرا
〃	ابراھیم	۷	هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِیُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِیَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِیَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ یہ خبر دینی ہے لوگون کو اور تو کہ ڈرائے جاوین اس سے اور تا جانین کہ معبود وہی ایک ہے اور تا سوچ کرین عقل والے۔
۱۴	النحل	۱	اَتٰٓی اَمْرُ اللّٰهِ (ہشت آیات تا اجمعین مضمون توحید بعضے ازان مصرح میشود) آیا حکم اللہ کا۔
〃	〃	〃	اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ۝ کہ کسی کی بندگی نہین سوائے میرے سو مجھہ سے ڈرو۔

پاره	سوره	رکوع	
۱۴	النحل	۲	هُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ (۲ آیات تا یُبْعَثُوْنَ ۝ بمضمون توحید بعضے ازان مصرح میشود) وہی ہے جس نے اتارا آسمان سے پانی۔
"	"	"	اَفَمَنْ یَّخْلُقُ کَمَنْ لَّا یَخْلُقُ اَفَلَا تَذَکَّرُوْنَ ۝ بھلا جو پیدا کرے برابر ہے اسکے جو کچھ نہ پیدا کرے کیا تم سوچ نہیں کرتے
"	"	۳	اِلٰھُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ معبود تمہارا معبود ہے اکیلا۔
"	"	۵	وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِیْ کُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ اور بے شک بھیجے ہین ہمنے ہر اُمت مین رسول کہ بندگی کرو اللہ کی اور بچتے رہو بتون سے
"	"	۷	وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰھَیْنِ اثْنَیْنِ ۚ اِنَّمَا ھُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ (تا چند آیات) اور کہا ہے اللہ نے نہ پکڑو معبود دو وہ معبود ایک ہی ہے۔
"	"	۱۰	وَیَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا یَمْلِكُ لَھُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَیْئًا وَّلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ اور پوجتے ہین اللہ کے سوا ایسون کو جو مختار نہین انکی روزی کے آسمان اور زمین مین سے کچھ اور نہ مقدور رکھتے ہین۔
۱۵	بنی اسرائیل	۴	وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰھًا اٰخَرَ فَتُلْقٰی فِیْ جَھَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۝ اور نہ ٹھیرا اللہ کے سوا اور کی بندگی پھر پڑے تو دوزخ مین ملامت کیا ہوا دھکیلا۔
"	"	۵	قُلْ لَّوْ کَانَ مَعَهٗٓ اٰلِھَةٌ کَمَا یَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰی ذِی الْعَرْشِ سَبِیْلًا ۝ (تا سہ آیات) کہہ اگر ہوتے اسکے ساتھ اور حاکم جیسا یہ بتاتے ہین اسوقت البتہ ڈھونڈتے طرف صاحب عرش کی راہ
"	الکہف	۲	فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰھًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ۝ پھر کہا ہمارا رب ہے رب آسمان و زمین کا نہ پکارینگے ہم اسکے سوا کسیکو معبود تو کہی ہمنے بات عقل سے دور
"	"	"	ھٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِھَةً ۭ لَوْلَا یَاْتُوْنَ عَلَیْھِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَیِّنٍ ۭ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ کَذِبًا ۝ یہ ہماری قوم ہے پکڑے ہین انہون نے اسکے سوا اور معبود کیون نہین لاتے انکے واسطے کوئی سند کھلی پھر اس سے گنہگار کون جسنے باندھا اللہ پر جھوٹ
۱۶	"	۱۲	قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُکُمْ یُوْحٰٓی اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰھُکُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ تو کہہ مین بھی ایک آدمی ہون جیسے تم حکم آتا ہے مجھکو کہ تمہارا صاحب ایک معبود ہے۔
"	مریم	۲	مَا کَانَ لِلّٰهِ اَنْ یَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ۚ الآیۃ اللہ ایسا نہین کہ رکھے اولاد وہ پاک ذات ہے۔

پارہ	سورۃ	رکوع	بیان توحید
۱۶	مریم	۲	وَاِنَّ اللّٰہَ رَبِّیْ وَرَبُّکُمْ فَاعْبُدُوْہُ ؕ ھٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ۝ اورکہا بیشک اللہ ہے رب میرا اور رب تمہارا سو اسی کی بندگی کرو یہ ہے راہ سیدہی
〃	〃	۶	وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا (تا شش آیات) اور لوگ کہتے ہین رحمان رکھتا ہو اولاد۔
〃	طٰہٰ	۱	اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ (پنج آیات از ہشش کہ ہمین آیات سبب ایمان حضرت عمر رضی اللہ عنہ شدہ) اللہ ہے جسکے سوا بندگی کسی کی نہین۔
〃	〃	〃	اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکْرِیْ ، مین جو ہون مین اللہ ہون کسیکی بندگی نہین سوا میرے سو میری بندگی کرو اور نماز کہڑی رکہہ میری یاد کو۔
〃	〃	۵	اِنَّمَآ اِلٰھُکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ؕ وَسِعَ کُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ۝ تمہارا صاحب وہی اللہ ہے جسکے سوا بندگی نہین کسی کی سب چیز سما گئی ہے اسکے علم مین۔
۱۷	الانبیاء	۲	لَوْ کَانَ فِیْھِمَآ اٰلِھَۃٌ اِلَّا اللّٰہُ لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ۝ اگر ہوتے اندونون مین اور حاکم سوا اللہ کے تو دونو خراب ہوتے سو پاک ہے اللہ عرش کا صاحب ان باتون سے جو بتاتے ہین۔
〃	〃	〃	اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِہٖٓ اٰلِھَۃً ؕ قُلْ ھَاتُوْا بُرْھَانَکُمْ ۚ الآیۃ کیا پکڑے ہین انہون نے اس سے ورے اور صاحب تو کہہ لاؤ اپنی سند
〃	〃	〃	وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِکَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِیْٓ اِلَیْہِ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ۝ اور نہین بہیجا ہمنے تجہسے پہلے کوئی رسول مگر اسکو یہی حکم بہیجا کہ بات یون ہے کہ کسی کی بندگی نہین سوا میرے سو میری بندگی کرو۔
〃	〃	۴	اَمْ لَھُمْ اٰلِھَۃٌ تَمْنَعُھُمْ مِّنْ دُوْنِنَا الآیۃ یا انکے معبود ہین کہ انکو بچاتے ہین ہمارے سوا
〃	〃	۵	وَلَقَدْ اٰتَیْنَآ اِبْرٰھِیْمَ رُشْدَہٗ (تا آخر رکوع بیان توحید و رد شرک) اور بے شک دی ہمنے ابراہیم کو ہدایت اسکی۔
〃	〃	〃	قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ مَا لَا یَنْفَعُکُمْ شَیْئًا وَّلَا یَضُرُّکُمْ ؕ ابراہیم نے کہا پہر تم پوجتے ہو اللہ سے ورے ایسی کو کہ تمہارا کچہہ نہ بہلا کرے اور نہ برا۔
〃	〃	〃	اُفٍّ لَّکُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ تف ہے تمکو اور جنکو تم پوجتے ہو اللہ کے سوا کیا تمکو بوجہہ نہین۔
〃	〃	۶	لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ ڰ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ کوئی حاکم نہین سوا تیرے تو بے عیب ہے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			مین تنہا گنہگارون سے
۱۷	الانبیاء	۶	اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۰ بیشک یہ لوگ ہین تمہارے دین کے سب ایک دین پر اور مین ہون رب تمہارا سو میری بندگی کرو۔
؍؍	؍؍	۷	اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ (دو آیت) بیشک تم اور جو کچھ پوجتے ہو اللہ کے سوا جھونکنا ہے دوزخ مین۔
؍؍	؍؍	؍؍	قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۰ تو کہہ مجھکو تو حکم یہی آتا ہے کہ صاحب تمہارا ایک صاحب ہے آیا ہو تم فرمانبرداری کرنے والے۔
؍؍	الحج	۴	فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ (تا سحیق ۲ آیت) سو بچتے رہو بتون کی گندگی سے اور بچتے رہو جھوٹی بات سے۔
؍؍	؍؍	۵	فَاِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗٓ اَسْلِمُوْا ۭ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ۰ سو اللہ تمہارا ایک اللہ ہے سو اسی کے حکم مین رہو اور خوشی سنا عاجزی کرنے والون کو۔
۱۸	المؤمنون	۲	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ہمنے بھیجا نوح کو اسکی قوم پاس تو اسنے کہا اے قوم بندگی کرو اللہ کی تمہارا کوئی حاکم نہین اسکے سوا کیا تمکو ڈر نہین۔
؍؍	؍؍	؍؍	فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۰ پھر بھیجا ہمنے اُن مین ایک رسول اُن مین کا کہ بندگی کرو اللہ کی کوئی نہین تمہارا حاکم اسکے سوا پھر کیا
؍؍	؍؍	۵	قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۰ (تا چند آیات) تو کہہ کون ہے مالک سات آسمانون کا اور مالک اس بڑے تخت کا۔
؍؍	؍؍	؍؍	مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ (تا عما یشرکون ۲ آیۃ) اللہ نے کوئی بیٹا نہین کیا اور نہ اسکے ساتھ کسی کا حکم چلے یون ہوتا تو لے جاتا ہر حکم والا اپنے بنائے کو اور چڑھ جاتا ایک پر ایک
؍؍	؍؍	۶	فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۰ (۲ آیۃ) سو بہت اونچا ہے اللہ وہ بادشاہ سچا کوئی حاکم نہین اسکے سوا مالک اس خاصے تخت کا
؍؍	؍؍	؍؍	وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰــهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۰ اور جو کوئی پکارے اللہ کے ساتھ دوسرا حاکم جسکی سند نہین اسکے پاس سو اسکا حساب ہے

پاره	سورة	رکوع	
			اُسکے رب کے نزدیک بیشک بہلا نہ پاوین گے سنکر
۱۸	الفرقان	۱	وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ٥ اور لوگون نے پکڑی ہین اس سے ورے کتنے حاکم جو نہین بناتے کچھ چیز اور آپ بنتے ہین ۔
״	״	۲	وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ٥ (ستہ آیات) اور جسدن جمع کر بلاویگا انکو اور جنکو پوجتے ہین اللہ کے سوا پھر انسے کہیگا یہ تمنے بہکایا ہے میرے ان بندون کو یا وہ آپ بہکے راہ سے
۲۰	النمل	۵	ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ط (پنج بار تا آخر رکوع خوب بیان توحید ست) اب کوئی اور حاکم ہے اللہ کے ساتھ
״	القصص	۷	وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ (تا سہ آیات انکار معبودان مشرکین روز قیامت) اور جسدن انکو پکاریگا
״	״	״	وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْحَمْدُ (شش آیات تا يَفْتَرُوْنَ کہ بعضے ازان بصرح سے شوند) اور وہی اللہ ہے کسی کی بندگی نہین اسکے سوا اسی کی تعریف ہے دنیا اور آخرت مین
״	״	״	مَنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ٥ کون حاکم ہے اللہ کے سوا کہ لاوے تمکو رات جسمین چین پکڑو کیا تم نہین دیکھتے ۔
۲۱	العنکبوت	۵	وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ٥ اور معبود ہمارا اور معبود تمہارا ایک ہے اور ہم اسی کے حکم پر ہین
״	״	۶	وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ط فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ٥ اور جو تو لوگون سے پوچھے کسنے بنائے آسمان و زمین اور کام لگائے سورج اور چاند تو کہین اللہ نے پھر کہان سے الٹ جاتے ہین ۔
״	״	״	وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ط قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ٥ اور جو پوچھے انسے کسنے اتارا آسمان سے پانی پھر جلادیا اس سے زمین کو اسکے مرے پیچھے تو کہین اللہ نے تو کہہ سب خوبی اللہ کو ہے پھر بہت لوگ نہین سمجھتے ۔
״	الروم	۲	اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ٥ اللہ بناتا ہے پہلی بار پھر اسکو دہرائیگا پھر اسی کی طرف پھر جاؤ گے ۔
״	״	۳	وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ (تمام رکوع تا وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ) اور اسکی نشانیون سے یہ کہ پیدا کیا واسطے تمہارے
״	״	۵	وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ

پارہ	سورة	رکوع	
			پا قرہ ٥ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ٥ اور اسکی نشانیون مین سے ایک یہ کہ چلاتا ہے باد ین خوشخبری لانیوالیان اور تا چکھاوے تمکو کچھہ مزہ اپنی مہر کا اور تا چلین جہاز اسکے حکم سے اور تاکہ تلاش کرو اُسکے فضل سے اور شاید تم شکر کرو۔
٢١	لقمان	٣	وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ٥ اور جو تو پوچھے اُنسے کسنے بنائے آسمان اور زمین تو کہین اللہ نے تو کہہ سب خوبی اللہ کو ہے پر وہ بہت لوگ سمجھہ نہین رکھتے۔
٢٢	فاطر	١	هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ٥ کوئی ہے بنانے والا اللہ کے سوا روزی دیتا تمکو آسمان اور زمین سے کوئی حاکم نہین مگر وہ پھر کہان اُلٹے جاتے ہو۔
″	″	٢	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ یہ اللہ ہے تمہارا رب اسی کے لیے پادشاہی ہے۔
٢٣	والصفت	١	اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ٥ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ٥ بیشک حاکم تمہارا ایک ہے رب آسمانون کا اور زمین کا اور جو انکے بیچ ہے اور رب مشرقون کا۔
″	″	٢	اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ٥ (تا چند آیات) جمع کرو گنہگارون کو اور انکے جوڑون کو اور جو کچھہ پوجتے تھے اللہ کے سوا پھر چلاؤ انکو راہ پر دوزخ کے۔
″	″	″	اِنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ٥ (چند آیات از پیش و پس) وہ تھے کہ اُنسے جب کوئی کہتا کسی کی بندگی نہین سوا اللہ کے تو غرور کرتے۔
″	ص	١	اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ٥ (تا چند آیات بیان تعجب کفار از توحید و اصرار بر شرک) کیا کر دی اُس نے اتنون کی بندگی کو بدل ایک ہی کی بندگی یہی ہے بڑی تعجب کی بات
″	″	٥	وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ٥ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ٥ اور حاکم کوئی نہین مگر اللہ اکیلا دباؤ والا رب آسمانون کا اور زمین کا اور جو انکے بیچ ہے زبردست گناہ بخشنے والا۔
٢٣	الزمر	١	اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ (از پیش و پس بدیدم) سنتا ہے اللہ ہی کو ہے دین خالص
″	″	″	لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ سُبْحٰنَهٗ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ٥ (سہ آیات) اگر اللہ چاہتا کہ اولاد کرے تو چن لیتا اپنی خلق مین جو چاہتا وہ

پارہ	سورة	رکوع	
			پاک ہے وہی اللہ اکیلا دباؤ والا۔
۲۳	الزمر	۱	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَأَنّٰى تُصْرَفُونَ ۝ وہ اللہ ہے رب تمہارا اسیکا راج ہے کسی کی بندگی نہین سوا اسکے پہر کہان سے پہرے جاتے ہو۔
۲۴	”	۴	وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ (تا الْمُتَوَكِّلُونَ ۝) اور اگر تو انسے پوچھے کسنے بنائے آسمان اور زمین تو کہین اللہ نے۔
”	”	۶	لَهُ مَقَالِيدُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ اسی کے پاس ہین کنجیان آسمان کی اور زمین کی
”	”	۷	بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِنَ الشّٰكِرِينَ ۝ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ بلکہ اللہ ہی کو پوج اور رہ حق ماننے والون مین اور نہین سمجھے اللہ کو جتنا کچھ وہ ہے
”	المؤمن	۱	لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ إِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝ بندگی نہین سوائے اُسکے اسی کی طرف پہر جانا ہے۔
”	”	۷	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَأَنّٰى تُؤْفَكُونَ ۝ وہ اللہ ہے رب تمہارا ہر چیز بنانے والا کسی کی بندگی نہین اُسکے سوا پہر کہان سے پہرے جاتے ہو۔
”	”	”	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِينَ ۝ وہ اللہ ہے رب تمہارا سو بڑی برکت ہے اللہ کی جو رب ہے سارے جہان کا
”	”	”	هُوَ الْحَيُّ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَادْعُوهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ (چہار آیات تا مَیکُون ۝) وہ ہے زندہ رہنے والا کسی کی بندگی نہین اسکے سوا سو اسکو پکارو خالص کر کر اُسکی بندگی۔
”	حٰم السجدہ	۱	قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يُوحٰى إِلَيَّ أَنَّمَا إِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوهُ وَوَيْلٌ لِلْمُشْرِكِينَ ۝ تو کہہ مین بھی آدمی ہون جیسے تم حکم آتا ہے مجھکو کہ تمپر بندگی ایک حاکم کی ہے سو سیدھے رہو اسکی طرف اور اُس سے بخشش مانگو اور خرابی ہے شریک والون کو۔
”	”	۲	إِذْ جَاءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا اللّٰهَ ط الآیۃ جب آئے اُنکے پاس رسول آگے سے اور پیچھے سے کہ نہ پوجو کسی کو سوائے اللہ کے۔
”	”	۵	لَا تَسْجُدُوا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوا لِلّٰهِ الَّذِي خَلَقَهُنَّ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ ۝ سجدہ نکرو سورج کو اور نہ چاند کو اور سجدہ کرو اللہ کو جسنے وہ بنائے اگر ہو تم اسی کو پوجتے۔
۲۵	الشوریٰ	۲	وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللّٰهِ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّي الآیۃ اور جس بات مین اختلاف کرتے ہو تم کوئی چیز ہو سو حکم اُسکا طرف خدا کے ہے یہ ہے اللہ پروردگار میرا۔
”	”	”	لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ۝ نہین مانند اسکے کوئی چیز اور وہی ہے سنتا دیکھتا
”	”	”	لَهُ مَقَالِيدُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ الآیۃ اسی پاس ہین کنجیان آسمانون کی اور زمین کی۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۵	الشوریٰ	۲	اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ الآیۃ اللہ رب ہے ہمارا اور تمہارا
״	الزخرف	۴	وَاسْئَلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رُّسُلِنَا اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ اور پوچھہ دیکھہ جو رسول بھیجے پہلے کبھی ہمنے رکھے ہین رحمن کے سوا اور حاکم کہ پوجے جاوین
״	الدخان	۱	رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ۝ رب آسمانون کا اور زمین کا اور جو انکے بیچ ہے اگر تمکو یقین ہے۔
״	״	״	لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۝ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ کسی کی بندگی نہین اُسکے سوا زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے رب تمہارا اور رب تمہارے اگلے باپ دادون کا۔
״	الجاثیہ	۴	فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ سو اللہ کو ہے سب خوبی جو رب ہے آسمانون کا اور رب ہے زمین کا رب سارے جہان کا۔
״	״	״	وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۝ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ اور اسی کو بڑائی ہے آسمانون مین اور زمین مین اور وہی ہے زبردست حکمت والا
۲۶	الاحقاف	۳	وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۝ اور گذر چکے تھے ڈرانے والے آگے سے اور پیچھے سے کہ بندگی نہ کرو کسی کی اللہ کے سوا۔
״	״	۴	فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ۝ الآیۃ پھر کیون نہ مدد پہنچی انکی جنکو پکڑا تہا اللہ سے ورے معبود درجے پانے کو پوجنا۔
״	محمد	۲	فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۝ سو تو جان کہ کسی کی بندگی نہین سوائے اللہ کے اور معافی مانگ اپنے گناہ کی واسطے اور ایماندار مردون اور عورتون کیلیے
۲۷	والذاریات	۳	وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۝ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اور نہ ٹہراؤ اللہ کے ساتھ اور کوئی معبود مین تمکو اُسکی طرف سے ڈر سناتا ہون کہولکر۔
״	الحدید	۱	هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۝ (تا چند آیات) وہ ہے پہلا اور پچھلا اور ظاہر اور اندر
۲۸	الحشر	۳	هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (سہ آیات) وہ اللہ ہے جسکے سوا بندگی نہین کسی کی۔
״	الممتحنہ	۱	قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۝ (سہ آیات تا الحمید) حکم سو فقت حضرت ابراہیم ع و صحاب وے در اظہار نفرت و عداوت از مشرکان قوم خود) بیشک تمکو چال چلنی ہے اچھی ابراہیم اور اُسکے ساتھ والون کی۔
״	التغابن	۱	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۝ اللہ اس بن کسی کی بندگی نہین۔

پارہ	سورہ	رکوع	
۲۹	نوح	۲	وَقَالُوا لَا تَذَرُنَّ آلِهَتَكُمْ (سہ آیات) اور کہا نہ چھوڑیو اپنے معبودوں کو
"	المزمل	۱	رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ۝ مالک مشرق اور مغرب کا اسکے سوا کسی کی بندگی نہیں بس پکڑ اسی کو کام سونپنا۔
۳۰	الکافرون	۱	قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ ۝ تو کہہ اے منکرو میں نہیں پوجتا جنکو تم پوجو۔
"	الاخلاص	۱	قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ۝ (تا آخر) تو کہہ وہ اللہ ایک ہے۔

بیان اسبات کا کہ اللہ تعالی ہی مالک ہے ہر شی کا

پارہ	سورہ	رکوع	
۱	البقرۃ	۱۳	أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللّٰهَ لَهُ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللّٰهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ کیا تجھکو معلوم نہیں کہ اللہ ہی کو سلطنت ہے آسمانوں اور زمین کی اور تم کو نہیں اللہ کے سوا کوئی حمایتی اور مددوالا۔
"	"	۱۴	وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ اور اللہ ہی کی ہے مشرق اور مغرب سو جسطرف تم منہ کرو وہاں ہی متوجہ ہے اللہ بیشک اللہ گنجایش والا ہے سب خبر رکھتا ہے
"	"	"	وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۗ سُبْحَانَهُ ۖ بَلْ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۖ كُلٌّ لَهُ قَانِتُونَ ۝ اور کہتے ہیں اللہ رکھتا ہے اولاد وہ سب سے نرالا بلکہ اسکا مال ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین میں سب اسکے آگے ادب سے ہیں۔
۳	"	۳۴	لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ اسی کا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے۔
"	آل عمران	۳	قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ (دو آیت تا حساب) تو کہہ یا اللہ مالک سلطنت کے
۴	"	۱۱	وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ وَإِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ۝ اور اللہ کا مال ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں اور اللہ تک رجوع ہے ہر کام کی
"	"	۱۳	وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ يَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ ۚ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ اور اللہ کا مال ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے بخشے جسکو چاہے اور عذاب کرے جسکو چاہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے
"	"	۱۸	وَلِلّٰهِ مِيرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ اور اللہ وارث ہے آسمان اور زمین کا اور اللہ جو کرتے ہو سو جانتا ہے۔
"	"	۱۹	وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اور اللہ کو ہے سلطنت آسمان اور زمین کی اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

پاره	سورة	رکوع	
۵	النساء	۱۸	وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ۝ اور اللہ کا ہے جو کچھ آسمانوں مین ہے اور جو کچھ زمین مین ہے اور اللہ کے ڈھب مین ہے سب چیز۔
〃	〃	۱۹	وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ اور اللہ کا ہے جو کچھ ہے آسمان وزمین مین۔
〃	〃	۱۹	وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا اور اگر منکر ہوگے تو اللہ کا ہے جو کچھ آسمان وزمین مین اور اللہ بے پروا ہے سب خوبیون سراہا
〃	〃	〃	وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝ اور اللہ کا ہے جو کچھ آسمان وزمین مین ہے اور بس ہے کام بنانے والا۔
۶	المائدة	۳	وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اور اللہ کو ہے سلطنت آسمان اور زمین کی اور جو دونو کے بیچ ہے بنا تا ہے جو چاہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے
〃	〃	〃	وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝ اور اللہ کو ہے سلطنت آسمان و زمین کی اور جو دونون کے بیچ ہے اور اسی کیطرف رجوع ہے۔
۷	〃	۱۶	لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اللہ کو سلطنت ہے آسمان وزمین کی او جو اسکے بیچ ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔
〃	الانعام	۲	قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلْ لِّلّٰهِ الآیہ پوچھ کسکا ہے جو کچھ ہے آسمان مین اور اور زمین مین کہہ اللہ کا۔
〃	〃	〃	وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اور اسی کا ہے جو بستا ہے رات مین اور دن مین اور وہی ہے سب سنتا جانتا۔
۹	الانفال	۵	وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ اور اگر وہ نہ مانین تو جان لو کہ اللہ ہے حمایتی تمہارا کیا خوب حمایتی ہے اور کیا خوب مددگار
۱۱	التوبة	۱۷	اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ اللہ ہے اسی کی سلطنت ہے آسمان اور زمین مین جلاتا ہے اور مارتا ہے اور تمکو کوئی نہین اللہ کے سوا حمایتی اور مددگار۔
۱۳	ابراهيم	۱	اَللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ راہ اللہ کی جسکا ہی جو کچھ آسمان و زمین مین
۱۶	طه	۱	لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى اسی کا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین مین اور ان دونون کے بیچ اور نیچے گیلی زمین کے

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۸	المؤمنون	۵	قُل لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَا اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ (شش آیات) تو کہہ کسکی ہے زمین اور جو کوئی اُسکے بیچ ہے بتاؤ اگر تم جانتے ہو اب کہیں گے اللہ کو۔
؍؍	النور	۹	اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ الآیۃ خبردار ہو اللہ کا جو کچھ ہے آسمان و زمین میں اسکو معلوم ہے جس حال پر تم ہو۔
؍؍	الفرقان	۱	اَلَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝ وہ جسکی ہے سلطنت آسمان و زمین کی اور نہیں پکڑا اُسنے بیٹا اور نہیں کوئی اُسکا ساجھی راج میں اور بنائی ہر چیز پھر ٹھیک کیا اسکو ماپ کر
؍؍	؍؍	؍؍	وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝ اور لوگوں نے پکڑے ہیں اُس سے ورے کتنے حاکم جو نہیں بناتے کچھ چیز اور آپ بنے ہیں اور نہیں مالک اپنے حق میں برے کے اور نہ بھلے کی اور نہیں مالک مرنے کے نہ جینے کے اور نہ جی اٹھنے کے
۲۱	لقمن	۳	لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ اللہ کا ہے جو کچھ ہے آسمان و زمین میں بیشک اللہ وہی ہے بے پرواسب خوبیوں سراہا
۲۲	فاطر	۲	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۭ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ۝ (دو آیت تا خبیر) یہ اللہ ہے تمہارا رب اُسی کے لیے پادشاہی ہے اور جنکو تم پکارتے ہو اُسکے سوا مالک نہیں ایک چھلکے کے۔
؍؍	؍؍	۳	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَاۗءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝ اے لوگو تم محتاج ہو طرف اللہ کے اور اللہ وہی ہے بے پرواسب خوبیوں سراہا۔
۲۴	الزمر	۶	لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ اُسی کے پاس کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی جو منکر ہوئے ہیں اللہ کی آیتوں سے یہ لوگ وہی ہیں ٹوٹا پانے والے۔
۲۵	الشوریٰ	۱	لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ اُسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں اور وہ ہے بلند قدر عظمت والا۔
؍؍	؍؍	۲	لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اُسی پاس ہیں کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی کشادہ کرتا ہے رزق واسطے جسکے چاہے اور تنگ

پارہ	سورۃ	رکوع	
			اور تنگ کرتا ہے بیشک وہ ہر چیز کو جاننے والا ہے ۔
۲۵	الشوریٰ	۵	لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۙ اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۔ اللہ کی بادشاہت ہے آسمانوں میں اور زمین میں پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے دیتا ہے جسکو چاہے بیٹیاں اور دیتا ہے جسکو چاہے بیٹے یا ملا دیتا ہے انکو بیٹے اور بیٹیاں اور کر دیتا ہے جسکو چاہتا ہے بانجھ بیشک وہی ہے سب جانتا کر سکتا ۔
؍؍	الزخرف	۷	وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ اور بڑی برکت ہے اسکی جسکا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور جو انکے بیچ ہے اور اُس ہی پاس ہے خبر قیامت کی اور طرف اسی کے پھر جاؤ گے
؍؍	الجاثیہ	۴	وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَىِٕذٍ يَّخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ ۝ اور اللہ کا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور جسدن قائم ہوگی قیامت اُسدن خراب ہونگے جھوٹے
۲۷	الحدید	۱	لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ اسی کو راج ہے آسمانوں کا اور زمین کا جلاتا ہے اور مارتا ہے اور وہ سب چیز کو کر سکتا ہے ۔
۲۷	؍؍	۱	لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ (دو آیت تا الصُّدُوْرِ) اسی کو ہے راج آسمانوں کا اور زمین کا اور اللہ ہی تک پہنچتے ہیں سب کام
؍؍	؍؍	؍؍	وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اور تمکو کیا ہوا ہے کہ خرچ نہیں کرتے اللہ کے راہ میں اور اللہ ہی کو بچ رہتا ہے ہر کچھ آسمانوں میں اور زمین میں
۲۸	التغابن	۱	لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۡ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ اسی کا راج ہے اور اسی کی تعریف ہے اور وہی ہر چیز کر سکتا ہے
۲۹	الملک	۱	تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ۡ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ بڑی برکت ہے اُسکی جسکے ہاتھ ہے راج اور وہ سب چیز کر سکتا ہے ۔
۳۰	البروج	۱	لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ جسکا راج ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور اللہ کے سامنے ہے ہر چیز ۔

بیان قدرت کاملہ و خالقیت و رزاقی حق سبحانہ و تعالےٰ و عجز مخلوقات اگرچہ کاملین باشند

پاره	سورة	رکوع	
۱	الفاتحة	۱	اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ (تا آخر) تجھی کو ہم بندگی کرین اور تجھی سے مدد چاہین
″	البقرة	۱۳	وَمَا لَکُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ۝ اور تمکو نہین اللہ کے سوا حمایتی اور مدد والا
۳	ال عمران	۳	قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ (دو آیت تا حِسَابٍ) توکہہ یا اللہ مالک سلطنت کے الخ۔
″	″	۸	قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۝ توکہہ بڑائی اللہ کے ہاتھہ مین ہے دیتا ہے جسکو چاہے اور اللہ گنجایش والا ہے خبردار خاص کرتا ہے اپنی مہربانی جسپر چاہے اور اللہ کا فضل بڑا ہے
۴	″	۱۳	لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ اَوْ یَتُوْبَ عَلَیْهِمْ اَوْ یُعَذِّبَھُمْ فَاِنَّھُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ تیرا اختیار کچھہ نہین یا انکو توبہ دیوے یا اُنکو عذاب کرے کہ وہ ناحق پر ہین۔
″	″	۱۶	بَلِ اللّٰہُ مَوْلٰکُمْ وَھُوَ خَیْرُ النّٰصِرِیْنَ ۝ بلکہ اللہ کارساز تمہارا ہے اور اسکی مدد سب سے بہتر ہے
″	″	۱۷	اِنْ یَّنْصُرْکُمُ اللّٰہُ فَلَا غَالِبَ لَکُمْ وَاِنْ یَّخْذُلْکُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَنْصُرُکُمْ مِّنْ بَعْدِهٖ وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ اگر اللہ تمکو مدد کرے گا توکوئی تمپر غالب نہوگا اور جو وہ تمکو چھوڑ دیگا پھر کون ہے کہ تمہاری مدد کرے گا اسکے بعد اور اللہ پر بھروسا چاہیے مسلمانونکو
۵	النساء	۷	وَکَفٰی بِاللّٰہِ وَلِیًّا وَّکَفٰی بِاللّٰہِ نَصِیْرًا ۝ اور اللہ بس ہے حمایتی اور اللہ بس ہے مددگار۔
۶	المائدة	۳	قُلْ فَمَنْ یَّمْلِکُ مِنَ اللّٰہِ شَیْئًا اِنْ اَرَادَ اَنْ یُّھْلِکَ الْمَسِیْحَ ابْنَ مَرْیَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا ۝ توکہہ پھر کسکا کچھہ چلتا ہے اللہ سے اگر وہ چاہے ہلاک کرے مسیح بیٹے مریم کو اور اُسکی ماں کو اور جتنے لوگ ہین زمین مین سارے۔
″	″	۶	وَمَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِکَ لَهٗ مِنَ اللّٰہِ شَیْئًا ط اور جسکو اللہ نے بچلانا چاہا سو تو اُسکا کچھہ نہین کرسکتا۔
۷	الانعام	۲	قُلْ اَغَیْرَ اللّٰہِ اَتَّخِذُ وَلِیًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ یُطْعِمُ وَلَا یُطْعَمُ ط توکہہ کیا اور کوئی پکڑون اپنا مددگار اللہ کے سوا جو بنانے والا ہے آسمانون اور زمین کا اور وہ سبکو کھلاتا ہے اور اسکو کوئی نہین کھلاتا۔
″	″	″	وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَهٗ اِلَّا ھُوَ ط وَاِنْ یَّمْسَسْکَ بِخَیْرٍ فَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ اور اگر پہنچاوے تجھکو اللہ کچھہ سختی پھر اسکو کوئی نہ اُٹھا دے سوا اسکے اور اگر تجھکو پہنچاوے بھلائی تو وہ ہر چیز پر قادر ہے۔
″	″	″	وَھُوَ الْقَاھِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَھُوَ الْحَکِیْمُ الْخَبِیْرُ ۝ اور وہی کا زور پہنچتا ہے اپنے بندونپر اور وہی

پارہ	سورہ	رکوع	
			ہے حکمت والا خبردار۔
۷	الانعام	۴	وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ (تا آخر بیان انکہ اظہار معجزہ وہدایت کسی در اختیار پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نیست) اور اگر تجھ پر بھاری ہے انکا تغافل کرنا۔
؍؍	؍؍	۵	قُلْ اَرَاَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ۝ تو کہہ دیکھو تو اگر چھین لے اللہ تمہارے کان اور آنکھیں اور مہر کردے تمہارے دلوں پر کون وہ رب ہے اللہ کے سوا جو تمکو یہ لا دیوے دیکھ ہم کیسے پھیرتے ہیں باتیں پھر وہ کنارہ کرتے ہیں۔
؍؍	؍؍	؍؍	قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ (تا تتفکرون) تو کہہ میں نہیں کہتا تمسے کہ مجھ پاس ہیں خزانے اللہ کے اور نہ میں جانوں غیب کی بات
؍؍	؍؍	۷	مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ میرے پاس نہیں جسکی شتابی کرتے ہو حکم کسی کا نہیں سوا اللہ کے۔
؍؍	؍؍	؍؍	قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ تو کہہ اگر میرے پاس ہو جسکی شتابی کرتے ہو تو فیصل ہو چکے کام میرے تمہارے بیچ۔
؍؍	؍؍	۸	قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً الآیۃ تو کہہ کون تمکو بچا لاتا ہے جنگل کے اندھیروں سے اور دریا کے جسکو پکارتے ہو گڑگڑاتے اور چپکے
؍؍	؍؍	؍؍	قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ تو کہہ اللہ تمکو بچاتا ہے انسے اور ہر گھبراہٹ سے پھر تم شریک ٹھیراتے ہو۔
؍؍	؍؍	۱۲	اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى (تا شش آیات) اللہ ہے کہ پھوڑ نکالتا ہے دانہ اور گٹھلی۔
۹	الاعراف	۲۳	قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۚ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ تو کہہ میں مالک نہیں اپنی جان کے بھلے کا نہ برے کا مگر جو اللہ چاہے اور اگر میں جانا کرتا غیب کی بات تو بہت خوبیاں لیتا اور مجھکو برائی کبھی نہ پہنچتی میں تو یہی ہوں ڈر اور خوشی سنانیوالا ماننے لوگوں کو۔
؍؍	؍؍	۲۴	لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ (دعاء آدم علیہ السلام وحوا رضی اللہ تعالی عنہما) اگر تو ہمکو بخشے چنگا بھلا تو ہم تیرا شکر کریں۔
؍؍	؍؍	؍؍	اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ۝ کیوں شریک بتاتے ہیں جو پیدا نہ کریں ایک چیز

پارہ	سورة	رکوع	
۹	الاعراف	۲۴	إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ جنکو تم پکارتے ہو اللہ کے سوا بندے ہیں
〃	الانفال	۱	وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ اور مدد نہیں مگر اللہ کیطرف سے بیشک اللہ زور آور ہے حکمت والا۔
۱۰	〃	۸	وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ اور انکے دل میں الفت ڈالی اگر تو خرچ کرتا جو سارے ملک میں ہے تمام نہ الفت دے سکتا انکے دلمیں لیکن اللہ نے الفت ڈالی ان میں بیشک وہ زور آور ہے حکمت والا۔
۱۱	التوبہ	۱۴	وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ۝ اور تمکو کوئی نہیں اللہ کے سوا حمایتی اور نہ مددگار
〃	یونس	۲	وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللَّهِ قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللَّهَ (تا آخر) اور پوجتے ہیں اللہ سے نیچے جو چیز نہ برا کرے انکا نہ بھلا اور کہتے ہیں یہ ہمارے سفارشی ہیں اللہ کے پاس تو کہہ تم اللہ کو جتاتے ہو۔
〃	〃	۴	قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ (شش آیات تا یفعلون) ۝ تو پوچھ کون روزی دیتا ہے تمکو آسمان سے اور زمین سے۔
〃	〃	۵	قُلْ لَا أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَلَا نَفْعًا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ (تا یستقدمون) تو کہہ میں مالک نہیں اپنے واسطے برے کا نہ بھلے کا مگر جو چاہے اللہ۔
〃	〃	۱۱	وَلَا تَدْعُ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ فَإِنْ فَعَلْتَ فَإِنَّكَ إِذًا مِنَ الظَّالِمِينَ ۝ اور مت پکار اللہ کے سوا ایسے کو کہ نہ بھلا کرے تیرا اور نہ برا کرے پھر اگر تو نے یہ کیا تو بھی اس وقت سے گنہگاروں میں۔
〃	〃	〃	وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ وَإِنْ يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَادَّ لِفَضْلِهِ (تا رحیم) اور اگر پہنچاوے اللہ تجھکو کچھ تکلیف تو کوئی نہیں اسکو کھولنے والا اسکے سوا، اور اگر چاہے تجھپر کچھ بھلائی تو پھیرنے والا نہیں اسکے فضل کو۔
۱۲	ھود	۳	وَلَا أَقُولُ لَكُمْ عِنْدِي خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَا أَقُولُ إِنِّي مَلَكٌ (الآیہ) اور میں نہیں کہتا تمکو کہ میرے پاس ہیں خزانے اللہ کے اور نہ میں خبر رکھوں غیب کی اور نہ کہوں کہ میں فرشتہ ہوں
〃	〃	۴	قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ إِلَّا مَنْ رَحِمَ ۝ (حضرت نوح علیہ السلام اپنے فرزند کو نہ بچا سکے) کہا نوح نے کوئی بچانے والا نہیں آج کے دن اللہ کے حکم سے مگر جسپر اللہ رحم کرے۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۲	ھود	۷	قالت يٰويلتيٰ ءَ ألد وأنا عجوز وهٰذا بعلي شيخا ۖ إن هٰذا لشيء عجيب (فرزند پیدا کردن در قدرت ابراہیم ع نبود) کہا زوجہ ابراہیم ع نے اے وائے مجھکو کیا جنونگی مین اور مین بڑھیا ہون اور یہ خاوند میرا بوڑھا ہے بیشک یہ بات تعجب کی ہے۔
〃	یوسف	۵	إن الحكم إلا لله ۖ حکومت نہین ہے کسی کی سوائے اللہ کے۔
۱۳	الرعد	۶	والله يحكم لا معقب لحكمه ۚ اور اللہ حکم کرتا ہے کوئی نہین کہ پیچھے ڈالے اسکا حکم
۱۴	النحل	۲	أفمن يخلق كمن لا يخلق ۗ أفلا تذكرون ۝ (چند آیات از پیش باید دید) بہلا جو شخص کہ پیدا کرتا ہے مانند اسکے کہ نہین پیدا کرتا کیا تم سوجہہ نہین کرتے ہو۔
〃	〃	〃	والذين يدعون من دون الله لا يخلقون شيئا وهم يخلقون ۝ وما يشعرون أيان يبعثون ۝ اور جنکو پکارتے ہین اللہ کے سوا کچہہ پیدا نہین کرتے اور وہ پیدا کیے جاتے ہین اور نہین جانتے کب اٹھائے جاوینگے۔
۱۵	بنی اسرائیل	۱	ألا تتخذوا من دوني وكيلا ۝ یہ کہ نہ پکڑو تم سوائے میرے کارساز
〃	〃	۶	قل ادعوا الذين زعمتم من دونه فلا يملكون كشف الضر عنكم ولا تحويلا ۝ أولٰئك الذين يدعون يبتغون إلى ربهم الوسيلة أيهم أقرب ويرجون رحمته ويخافون عذابه ۚ إن عذاب ربك كان محذورا ۝ کہہ پکارو جن کو سمجھتے ہو سوا اسکے سو نہین اختیار رکہتے کہ تکلیف کہو دین تمسے اور نہ بدل دین وہ لوگ جنکو یہ پکارتے ہین ڈہونڈہتے ہین اپنے رب تک وسیلہ کہ کون بندہ بہت نزدیک ہے اور امید رکہتے ہین اسکی رحمت کی اور ڈرتے ہین اسکے عذاب سے بیشک تیرے رب کا عذاب ڈرنے کی چیز ہے۔
〃	〃	۷	وإذا مسكم الضر في البحر ضل من تدعون إلا إياه ۚ اور جب تمپر تکلیف پڑے دریا مین بہول جاتے ہو جنکو پکارتے تہے اسکے سوا
〃	〃	۱۰	وقالوا لن نؤمن لك حتىٰ (چہار آیات تا رسولا و بیان آنکہ معجزہ فعل اختیاری حضرات انبیاء علیہم السلام نیست) اور کہا انہون نے ہرگز نہ ایمان لاوینگے ہم۔
۲۸	المجادلہ	۲	وَلَيْسَ بِضَارِّهِمْ شَيْئًا إِلَّا بِإِذْنِ اللّٰهِ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ○ اور نہیں ضرر کرنے والا ان کو کچھ مگر ساتھ حکم اللہ کے اور اوپر اللہ کے پس چاہیئے کہ توکل کریں ایمان والے ÷
″	الممتحنہ	۱	رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ○ اے رب ہمارے اوپر تیرے توکل کیا ہم نے اور طرف تیری رجوع کیا ہم نے اور طرف تیری ہے پھر جانا ÷
″	التغابن	۲	وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ○ اور اوپر اللہ کے ہی چاہیئے کہ توکل کریں ایمان والے
″	الطلاق	۱	وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ إِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ أَمْرِهِ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ○ اور جو کوئی توکل کرے اوپر اللہ کے پس وہ کفایت ہے اس کو تحقیق اللہ پہونچنے والا ہے ارادے اپنے کو تحقیق مقرر کیا اللہ نے واسطے ہر چیز کے اندازہ ÷
۲۹	الملک	۲	قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ آمَنَّا بِهِ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ○ کہہ وہی ہے رحمن ایمان لائے ہم ساتھ اس کے اور اوپر اسی کے توکل کیا ہم نے ÷
″	المزمل	۱	رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا ○ پروردگار ہے مشرق کا اور مغرب کا نہیں کوئی معبود مگر وہ پس پکڑ واسی کو کارساز ÷

بیان نصیحت یعنے خیر خواہی کہ امر معروف ہم از اقسام نصیحت است

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲	البقرۃ	۲۸	وَتُصْلِحُوا بَيْنَ النَّاسِ اور صلح نہ کرو درمیان لوگوں کے ÷
۵	النساء	۱۷	لَا خَيْرَ فِي كَثِيرٍ مِنْ نَجْوَاهُمْ إِلَّا مَنْ أَمَرَ بِصَدَقَةٍ أَوْ مَعْرُوفٍ أَوْ إِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ○ نہیں بھلائی بیچ صلحتوں انکی کے مگر وہ شخص کہ حکم کرے ساتھ خیرات کے یا ساتھ اچھی بات کے یا صلح کر دینے کے درمیان لوگوں کے اور جو کوئی کرے یہہ واسطے ڈھونڈھنے رضامندی اللہ کے پس البتہ دیوینگے ہم اس کو ثواب بڑا ÷

پارہ	سورۃ	رکوع	
۸	الاعراف	۸	أُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَأَنْصَحُ لَكُمْ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ پہنچاتا ہون تم کو پیغام پروردگار اپنے کی طرف سے اور خیر خواہی کرتا ہون تمہاری اور جانتا ہون اللہ کی باتون مین سے جو کچھ کہ تم نہین جانتے۔
۸	"	۹	أُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَأَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ أَمِيْنٌ ۝ پہنچاتا ہون مین تمکو پیغام رب اپنے کی طرف سے اور مین واسطے تمہارے خیر خواہ ہون امانت والا
"	"	۱۰	يٰقَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ۝ اور کہا اے قوم میری البتہ تحقیق پہنچا دیا تھا مینے تمکو پیغام پروردگار اپنے کا اور خیر خواہی کی واسطے تمہارے ولیکن تم نہین دوست رکھتے خیر خواہی کرنیوالون کو
"	"	۱۱	يٰقَوْمِ لَقَدْ أَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۝ اے میری قوم البتہ تحقیق پہنچا دیے مینے تمکو پیغام پروردگار تمہارے کے اور خیر خواہی کی واسطے تمہارے۔
۱۰	التوبة	۱۲	لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ إِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۝ نہین ہے اوپر ناتوانون کے اور نہ اوپر بیمارون کے اور نہ اوپر اُن لوگون کے کہ نہین پاتے وہ چیز کہ خرچ کرین تنگی جب خیر خواہی کرین واسطے اللہ کے اور رسول اُسکے کے۔
۲۰	القصص	۱	فَقَالَتْ هَلْ أَدُلُّكُمْ عَلٰى أَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَهُمْ لَهٗ نَاصِحُوْنَ ۝ پس کہا اوسنے کیا دلالت کرون مین تمکو اوپر ایک گھر والون کے کہ پالین اسکو واسطے تمہارے اور وہ واسطے اسکے بہت خیر خواہ ہین
"	"	"	قَالَ يٰمُوْسٰى إِنَّ الْمَلَأَ يَأْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ إِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ فَخَرَجَ مِنْهَا خَائِفًا يَّتَرَقَّبُ ۝ کہا اے موسیٰ یہ سردار مصلحت کرتے ہین بیچ تیرے تو کہ مار ڈالین تجھکو پس نکل تحقیق مین واسطے تیرے خیر خواہون سے ہون پس نکلا اس شہر سے ڈرتا ہوا خبر لیتا ہوا
۲۶	الحجرات	۱	وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَأَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۝ اور اگر دو جماعت مسلمانون مین سے لڑین آپس مین پس صلح کرو درمیان ان دونون کے۔
"	"	"	فَأَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوْا ۝ پس صلح کرو درمیان اُن کے ساتھ عدل کے اور انصاف کیا کرو
"	"	"	إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوْا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ سوا اسکے نہین کہ مسلمان بھائی ہین پس اصلاح کرو درمیان دو بھائیون اپنے کے اور ڈرو اللہ سے تو کہ رحم کیے جاؤ۔

امر بالمعروف ونہی عن المنکر

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱	البقرۃ	۵	وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِیْ ثَمَنًا قَلِيْلًا وَّاِيَّایَ فَاتَّقُوْنِ ٥ اور مت مول لو بدلے آیتون میری کے مول تہوڑا اور مجہ سے پس ڈرو
〃	〃	〃	وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ٥ اور مت ملاؤ سچ کو ساتہہ جہوٹ کے اور مت چہپاؤ حق کو اور تم جانتے ہو ؛
〃	〃	〃	اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ کیا حکم کرتے ہو لوگون کو ساتہہ بہلائی کے اور بہولے جاتے ہو جانون اپنی کو ؛
〃	〃	〃	وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ (امر معروف را صبر لازم ست) اور مدد چاہو ساتہہ صبر کے اور نماز کے
۲	〃	۱۹	اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا (دو آیۃ الرحیم ملعون بودن تارکان امر معروف) تحقیق جو لوگ کہ چہپاتے ہین جو کچھ کہ اتارا ہم نے
〃	〃	۲۱	اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ (سہ آیات تا بعد بیان عذاب وبے نصیبی تارکان امر معروف) تحقیق وہ لوگ جو چہپاتے ہین جو اتارا ہے اللہ نے ؛
〃	〃	۲۸	وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ اور صلح نہ کرو درمیان لوگون کے
۴	آل عمران	۱۱	وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ٥ اور چاہیئے کہ ہو تم مین سے ایک جماعت کہ بلاوین طرف بہلائی کی اور حکم کرین ساتہہ اچہی چیز کے اور منع کرین نامعقول سے اور یہ لوگ ہین چہٹکارا پانے والے ؛
〃	〃	۱۲	كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ہو تم بہتر امت جو نکالے گئے ہو واسطے لوگون کے حکم کرتے ہو ساتہہ اچہی طرح کے اور منع کرتے ہو برائی سے اور ایمان لاتے ہو ساتہہ اللہ کے ؛
〃	〃	〃	يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ٥ ایمان لاتے ہین ساتہہ اللہ کے اور دن آخرت کے اور حکم کرتے ہین ساتہہ بہلائی کے اور منع کرتے ہین برائی سے اور جلدی کرتے ہین بیچ بہلائیون کے اور وہ لوگ ہین صالحون سے ؛
۵	النساء	۱۷	لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ ؕ

پارہ	سورہ	رکوع	
			مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ٥ نہین ہے بہلائی بیچ بہت مصلحتون ان کی کے مگر وہ شخص کہ حکم کرے ساتہہ خیرات کے یا ساتہہ اچھی بات کے یا صلح کر دینے کے درمیان لوگون کے اور جو کوئی کرے یہہ واسطے ڈہونڈہنے رضامندی اللہ کے پس البتہ دیوین گے ہم اس کو ثواب بڑا ✣
۶	المائدة	۱	وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ اور مددگاری کرو اوپر بہلائی کے اور پرہیزگاری کے اور مت مددگاری کرو اوپر گناہ کے اور تعدی کے ✣
۶	۶	۱۱	كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ط لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ٥ (از ماقبل باید دید) ایک دوسرے کو منع نہ کرتے تہے برے کام سے کہ کرتے تہے اسکو البتہ برا تہا جو کچہہ کہ تہے کرتے ✣
۹	الاعراف	۱۹	يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ (از پیش و پس باید دید) حکم کرتا ہے ساتہہ بہلائی کے اور منع کرتا ہے انکو نامعقول چیز سے ✣
۶	۶	۲۱	فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖۤ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍ بَئِيْسٍ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ٥ پس جب بہول گئے جو کچہہ کہ نصیحت کئے گئے تہے ساتہہ اس کے نجات دی ہمنے ان لوگون کو کہ منع کرتے تہے برائی سے اور پکڑا ہمنے ان کو جو وہ ظلم کرتے تہے ساتہہ عذاب برے کے بسبب اس کے کہ تہے فسق کرتے ✣
۶	۶	۲۴	خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ٥ پکڑ درگذر کو اور امر کر ساتہہ بہتر کے اور منہ پہیرے جاہلون سے ✣
۱۰	التوبة	۹	وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ م يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ط اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ٥ اور ایمان والے اور ایمان والیان بعضے ان کے دوست ہین بعض کے حکم کرتے ہین ساتہہ بہلائی کے اور منع کرتے ہین برائی سے اور قایم رکہتے ہین نماز کو اور دیتے ہین زکوة کو اور فرمانبرداری کرتے ہین اللہ کی اور رسول اس کے کی یہہ لوگ شتاب رحم کرے گا ان کو اللہ تحقیق اللہ غالب ہے حکمت والا ✣
۱۱	۶	۱۴	اَلْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (از پیش پس باید دید) حکم کرنے والے ہین ساتہہ بہلائی کے اور منع کرنے والے ہین نامعقول سے
۱۲	هود	۱۰	فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا

پاره	سورة	رکوع	
			مِمَّنْ اَنْجَیْنَا مِنْهُمْ (الآیة) پس کیون نہ ہوئے ان قرنون مین سے کہ پہلے تم سے تھے صاحب شعور کے کہ منع کرتے فساد سے بیچ زمین کے مگر تھوڑے سے ان لوگون مین سے کہ نجات دی ہم نے ان مین یعنے گمراہی سے ÷
۱۴	الحجر	۶	فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِکِیْنَ ۝ اِنَّا کَفَیْنٰکَ الْمُسْتَهْزِءِیْنَ ۝ پس آشکارا کر اُس چیز کو کہ حکم کیا جاتا ہے تو اور منہ پھیر مشرکون سے تحقیق ہمنے کفایت کیا ہے ٹھٹھا کرنیوالون سے
〃	النحل	۱۶	اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ (الآیة) بلا طرف راہ پروردگار اپنے کی ساتھ حکمت کے اور نصیحت نیک کی اور جھگڑا کر اُنسے ساتھ اس چیز کے کہ وہ بہتر ہے ÷
۱۶	مریم	۴	وَکَانَ یَأْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّکٰوةِ وَکَانَ عِنْدَ رَبِّهٖ مَرْضِیًّا ۝ اور تھا حکم کرتا اہل اپنے کو ساتھ نماز کے اور زکوة کے اور تھا نزدیک پروردگار اپنے کے پسندیدہ ÷
〃	طٰہٰ	۱	اِذْهَبْ اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰی جا طرف فرعون کی تحقیق اُس نے سرکشی کی ہے ÷
〃	〃	۲	اِذْهَبَا اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰی ۝ جاؤ تم دونون طرف فرعون کی تحقیق اس نے سرکشی کی ہے
〃	〃	〃	فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّهٗ یَتَذَکَّرُ اَوْ یَخْشٰی ۝ پس کہو اس کو بات نرم شاید کہ وہ نصیحت پکڑے یا ڈرے ÷
۱۷	〃	۶	اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنّٰهُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّکٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ (از پیش و پس باید دید) وہ لوگ کہ اگر قدرت دین ہم اُن کو بیچ زمین کے قائم رکھین نماز کو اور دین زکوة کو اور حکم کرین ساتھ بھلائی کے اور منع کرین نامعقول سے ÷
〃	〃	۹	فَلَا یُنَازِعُنَّکَ فِی الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰی رَبِّکَ اِنَّکَ لَعَلٰی هُدًی مُّسْتَقِیْمٍ ۝ پس نہ جھگڑین تجھ سے بیچ حکم کے اور پکار طرف پروردگار اپنے کی تحقیق تو البتہ اوپر راہ سیدہے کے ہے ÷
۲۰	القصص	۹	وَادْعُ اِلٰی رَبِّکَ وَلَا تَکُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ ۝ اور پکار طرف پروردگار اپنے کی اور مت ہو شریک لانے والون سے ÷
〃	العنکبوت	۲	وَمَا عَلَی الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ۝ اور نہین اوپر پیغمبر کے مگر پہنچا دینا ظاہر ÷
۲۱	لقمان	۲	یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاصْبِرْ عَلٰی مَا اَصَابَکَ اِنَّ ذٰلِکَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝ اے چھوٹے بیٹے میرے قائم کر نماز کو اور حکم کر ساتھ بھلائی کے اور منع کر برائی سے اور صبر کر اوپر اس چیز کے کہ پہونچے تجھکو تحقیق یہہ بڑے کامون سے ہے ÷

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۱	السجدۃ	۳	وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ٥ اور کیئے ہم نے ان مین سے پیشوا کہ تھے راہ کرتے ساتھ حکم ہمارے کے حبب صبر کیا انہون نے ÷
۲۴	حٰم السجدۃ	۵	وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِىْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ٥ اور کون شخص ہے بہتر بات مین اس شخص سے کہ پکارتا ہے طرف اللہ کی اور عمل کرتا ہے اچھا اور کہتا ہے تحقیق مین مسلمانون سے ہون ÷
۲۶	الحجرات	۱	فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ٥ پس صلح کرو درمیان انکے ساتھ عدل کے اور انصاف کیا کرو تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے انصاف کرنیوالون کو
؍؍	؍؍	۲	فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ پس اصلاح کرو درمیان دو بھائیون اپنے کے اور ڈرو اللہ سے تو کہ تم رحم کئے جاؤ ÷
۲۷	الذریت	۳	وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ٥ اور نصیحت دے تحقیق نصیحت فایدہ دیتی ہے ایمان والون کو ÷
؍؍	الطور	۲	فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ٥ پس نصیحت کر پس نہین تو ساتھ نعمت پروردگار اپنے کے جنون سے خبر لینے والا اور نہ دیوانہ ÷
۲۹	القلم	۱	فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ٥ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ٥ پس مت کہا مان جھٹلانے والون کا دوست رکھتے ہین کاشکے اگر سُستی کرے تو پس سستی کرین وہ ÷
؍؍	المدثر	۱	يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ٥ قُمْ فَاَنْذِرْ ٥ اے کپڑا اوڑھنے والے کھڑا ہو پس ڈرا لوگون کو
؍؍	؍؍	؍؍	وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ٥ (امر معروف را صبر لازم ست) اور واسطے پروردگار اپنے کے پس صبر کر
۳۰	الاعلیٰ	۱	فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ٥ پس نصیحت کر اگر نفع دے نصیحت تیری ÷
؍؍	العصر	۱	وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ اور ایک دوسرے کو نصیحت کرتے ہین ساتھ حق کے اور ایک دوسرے کو نصیحت کرتے ہین ساتھ صبر کے ÷

بیان حلم وعفو وتواضع وخلق

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱	البقرۃ	۱۳	فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِىَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ٥ پس معاف کرو اور درگذر کرو یہان تک کہ لاوے اللہ حکم اپنا تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے
۲	؍؍	۳۱	وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى اور یہ کہ معاف کرو تم نزدیک تر ہے واسطے پرہیزگاری کے ÷

۴	آل عمران	۱۴	أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِينَ ٥ الَّذِينَ يُنفِقُونَ فِي السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ٥ تیار کی گئی ہے واسطے پرہیزگارون کے جو لوگ کہ خرچ کرتے ہین بیچ خوشی اور سختی کے اور بند کرنے والے غصے کے اور معاف کرنے والے لوگون سے اور اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والون کو ؞
〃	〃	۱۶	وَلَقَدْ عَفَا عَنكُمْ وَاللَّهُ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ ٥ اور البتہ تحقیق معاف کیا تم سے اور اللہ صاحب فضل کا ہے اوپر ایمان والون کے ؞
〃	〃	〃	وَلَقَدْ عَفَا اللَّهُ عَنْهُمْ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ حَلِيمٌ اور تحقیق معاف کیا اللہ نے ان سے تحقیق اللہ بخشنے والا تحمل والا ہے ؞
〃	〃	۱۷	فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ لِنتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ (تقصیر دار کے ساتھ مروت کرنا ؞) پس ساتھ رحمت کے اللہ سے نرم ہوا تو واسطے اُن کے اور اگر ہوتا تو سخت دل یعنے بے رحم البتہ بھاگ جاتے گرد تیرے سے پس معاف کر ان سے اور بخشش مانگ واسطے اُن کے
۵	النساء	۱۴	فَأُولَٰئِكَ عَسَى اللَّهُ أَن يَعْفُوَ عَنْهُمْ وَكَانَ اللَّهُ عَفُوًّا غَفُورًا ٥ پس یہ لوگ شتاب ہے اللہ یہ کہ معاف کرے ان سے اور ہے اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا
۶	المائدہ	۳	فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ٥ (از ما قبل با بد بدید) پس معاف کر ان سے اور درگذر کر تحقیق اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والون کو ؞
〃	〃	〃	يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيرًا مِّمَّا كُنتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ ٥ اے اہل کتاب تحقیق آیا ہے تمہارے پاس پیغمبر بیان کرتا ہے واسطے تمہارے بہت اس چیز سے کہ تم چھپاتے کتاب مین سے اور درگذر کرتا ہے بہت سے ؞
۷	الانعام	۶	فَقُلْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ (گنہ گار سے نرمی کے ساتھ توبہ کروانا) پس کہہ سلامتی ہے اوپر تمہارے لکھی ہے رب تمہارے نے اوپر ذات اپنی کے رحمت
۹	الاعراف	۲۴	خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ ٥ پکڑ درگذر کو اور حکم کر ساتھ بہتر کے اور منہ پھیر جاہلون سے ؞
۱۳	یوسف	۱۰	قَالَ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللَّهُ لَكُمْ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ (تقصیر وار کے واسطے دعا کرنا) کہا نہین سرزنش اوپر تمہارے آج کے دن بخشے گا اللہ واسطے تمہارے اور وہ ؞

پارہ	سورۃ	رکوع	
			بہتر رحم کرنے والا ہے سب رحم کرنے والوں سے ÷
۱۳	یوسف	۱۱	إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاءَ بِكُمْ مِنَ الْبَدْوِ (نگفت إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ الْجُبِّ تا خاطر اخوان رارنجہ نشود) جس وقت نکالا مجھکو قیدخانہ سے اور لے آیا تم کو جنگل سے ÷
″	″	″	مِنْ بَعْدِ أَنْ نَزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي (نسبت ظلم باخوان نکرد) پیچھے اس کے کہ جھگڑا ڈالدیا تھا شیطان نے درمیان میرے اور درمیان بھائیوں میرے کے ÷
″	الرعد	۳	وَيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ (چند آیات از پیش و پس) اور دفع کرتے ہیں ساتھ نیکی کے برائی کو ÷
۱۴	الحجر	۶	وَإِنَّ السَّاعَةَ لَآتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيلَ اور تحقیق قیامت البتہ آنیوالی ہے پس درگذر کر درگذر کرنا نیک
″	″	″	وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِينَ (ابن خطاب بخواجہ عالم صلے اللہ علیہ وسلم ست پس دیگران را چہ جائے فعلی ست) اور نیچے کر بازو اپنے کو واسطے ایمان والوں کے ÷
″	النحل	۱۶	وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ اور جھگڑا کر ان سے ساتھ اس چیز کے کہ وہ بہت بہتر ہے
۱۶	طہ	۲	فَقُولَا لَهُ قَوْلًا لَيِّنًا (موروحی راباموردلعنت حکم نرمی کردن ست در کلام) پس کہیو اسکو بات نرم
۱۸	المؤمنون	۶	ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ السَّيِّئَةَ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَصِفُونَ (راآیات تا يحضرون) دور کر ساتھ اس چیز کے کہ وہ بہت اچھی ہے برائی کو ہم خوب جانتے ہیں اس چیز کو کہ بیان کرتے ہیں
″	النور	۳	وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ اور چاہیے کہ معاف کریں اور درگذر کریں کیا نہیں دوست رکھتے تم یہ کہ بخش دیوے اللہ تم کو اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے
۱۹	الفرقان	۶	وَإِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُونَ قَالُوا سَلَامًا اور جب وقت کہ بات کرتے ہیں ان سے جاہل کہتے ہیں کہ سلام ہے ÷
۲۳	یس	۲	قَالَ يَا لَيْتَ قَوْمِي يَعْلَمُونَ (خیرخواہی دشمنان) کہا حبیب نے ای کاشکے قوم میری جانتی ÷
۲۴	حم السجدۃ	۵	ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا الَّذِينَ صَبَرُوا وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا ذُو حَظٍّ عَظِيمٍ دفع کر بدی کو ساتھ اس خصلت کے کہ وہ بہت اچھی ہے پس ناگہان وہ شخص کہ درمیان تیرے اور درمیان اس کے دشمنی ہے گویا کہ وہ دوست ہے قرابتی اور نہیں سکھائی جاتی یہہ بات مگر جو لوگ کہ صبر کرتے ہیں اور نہیں سکھلایا جاتا یہہ مگر بڑے نصیبے والا ÷

پاره	سورة	رکوع	
۲۴	حم السجدة	۵	وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (مؤید مضمون سابق) اور اگر چوک دے تجھکو شیطان کے طرف سے کوی چوکنے والا پس پناہ پکڑ ساتھ اللہ کے تحقیق وہ سننے والا جاننے والا ہے ٭
۲۵	الشوری	۳	وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَعْفُو عَنِ السَّيِّئَاتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ۝ اور وہی ہے جو قبول کرتا ہے توبہ بندون اپنے کی اور معاف کرتا ہے برایون سے اور جانتا ہے جو کچھ کرتے ہو تم ٭
″	″	۴	وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ اور جو کچھ کہ پہونچتی ہے تم کو مصیبت سے پس بسبب اس چیز کے ہے کہ کمایا ہاتھون تمہارے نے اور معاف کرتا ہے بہت چیزون سے ٭
″	″	″	أَوْ يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَن كَثِيرٍ یا ہلاک کرے ان کو بسبب اس کے جو کمایا ہے اور معاف کرے بہتون سے ٭
″	″	″	وَإِذَا مَا غَضِبُوا هُمْ يَغْفِرُونَ (دو آیت از ماقبل) اور جس وقت کہ غصے ہوتے ہین وہ بخش دیتے ہین
″	″	″	فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ پس جس شخص نے معاف کیا اور صلح کی پس ثواب اوسکا اوپر اللہ کے ہے
″	″	″	وَلَمَن صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذَٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ اور البتہ جس نے صبر کیا اور بخش دیا تحقیق یہ ہمت کے کامون سے ہے ٭
۲۸	التغابن	۲	وَإِن تَعْفُوا وَتَصْفَحُوا وَتَغْفِرُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ اور اگر معاف کرو اور درگذر کرو اور بخش دو ان کو پس تحقیق اللہ بخشنے والا مہربان ہے
″	″	″	وَاللَّهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ اور اللہ قدردان ہے تحمل والا ٭
۲۹	القلم	۱	وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ اور تحقیق تو اوپر خلق بڑے کے ہے ٭
۳۰	البلد	۱	وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ۝ اور ایک دوسرے کو نصیحت کرتے ہین ساتھ صبر کے اور ایک دوسرے کو نصیحت کرتے ہین ساتھ رحم کرنے کے یہہ لوگ ہین صاحب یمین کے ٭

بیان شکر و یاد کردن نعمتهای و احسانهای حق سبحانه و تعالی

۱	البقرة	۳	یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ ای لوگو عبادت کرو پروردگار اپنے کی جس نے پیدا کیا تم کو اور ان کو جو پہلے تم سے تھے ❊
〃	〃	〃	اَلَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ جس نے کیا واسطے تمہارے زمین کو بچھونا اور آسمان کو چھت اور اتارا آسمان سے پانی پس نکالا ساتھ اس کے پھلون سے رزق واسطے تمہارے ❊
〃	〃	〃	هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا (مقام نہایت تفکر است) وہی ہے جس نے پیدا کیا واسطے تمہارے جو کچھ بیچ زمین کے ہے سارا ❊
〃	〃	۵	یٰبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْۤ اَنْعَمْتُ عَلَیْكُمْ ای بیٹو یعقوب کے یاد کرو نعمت میری جو انعام کی مین نے اوپر تمہارے ❊
〃	〃	۶	وَاَنِّیْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ (امت محمد صلے اللہ علیہ وسلم از ہمہ افضل است) اور یہہ کہ مین نے بزرگی دی تم کو اوپر عالمون کے ❊
〃	〃	〃	وَاِذْ نَجَّیْنٰكُمْ (تا دو آیت بیان احسان نجات دادن از ظلم اعدا و ہلاکت دشمنان) اور جب چھڑایا ہم نے تم کو ❊
〃	〃	〃	ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ پھر معاف کیا ہم نے تم سے پیچھے اس کے تو کہ تم شکر کرو ❊
〃	〃	〃	وَاِذْ اٰتَیْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ (عنایت کتاب آسمانی نہایت احسان است) اور جب دی ہم نے موسےٰ کو کتاب اور معجزہ تو کہ تم راہ پاؤ ❊
〃	〃	〃	ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ پھر جلایا ہم نے تم کو پیچھے موت تمہاری کے تو کہ تم شکر کرو ❊
۲	〃	۱۸	وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِیْ عَلَیْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ اور تو کہ پورا کرون مین نعمت اپنی اوپر تمہارے اور تو کہ تم راہ پاؤ ❊
〃	〃	〃	كَمَاۤ اَرْسَلْنَا فِیْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ یَتْلُوْا عَلَیْكُمْ اٰیٰتِنَا وَیُزَكِّیْكُمْ وَیُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَیُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝ جیسا بھیجا ہم نے بیچ تمہارے پیغمبر تم مین سے پڑہتا ہے اوپر تمہارے آیتین ہماری اور پاک کرتا ہی تم کو اور سکھاتا ہے تم کو کتاب اور حکمت اور سکھاتا ہی تم کو جو کچھ کہ نہین تھے تم جانتے

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲	البقرۃ	۱۸	فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ پس یاد کرو تم مجھکو یاد کرونگا تم کو اور شکر کرو واسطے میرے اور نہ کفر کرو مجھہ سے ❊
″	″	۱۹	وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ○ اور جو کوئی خوشی سے بھلائی کرے پس تحقیق اللہ قدردان ہے جاننے والا ❊
″	″	″	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ○ ای لوگو جو ایمان لائے ہو کھاؤ پاکیزہ سے اس چیز کے کہ دیا ہم نے تمکو اور شکر کرو واسطے اللہ کے اگر ہو تم اسی کی عبادت کرتے ❊
″	″	۲۳	يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ارادہ کرتا ہے اللہ ساتہہ تمہارے آسانی کو اور نہیں ارادہ کرتا ہے ساتہہ تمہارے دشواری کو ❊
″	″	″	وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ اور تو کہ پورا کرو گنتی کو اور تو کہ بڑائی کرو اللہ کی اوپر اس کے کہ ہدایت کیا تم کو اور تو کہ تم شکر کرو ❊
″	″	۲۶	وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ○ اور جو کوئی بدل ڈالے نعمت اللہ کی کو پیچھے اس کے کہ آئی اس کے پاس پس تحقیق اللہ سخت عذاب والا ہے
″	″	۲۹	وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ○ اور یاد کرو نعمت اللہ کی کو اوپر اپنے اور جو کچہہ اتارا ہی اوپر تمہارے کتاب سے اور حکمت سے نصیحت کرتا ہے تم کو ساتہہ اسکی اور ڈرو اللہ سے اور جانو یہہ کہ اللہ ساتہہ ہر چیز کے جاننے والا ہے
″	″	۳۲	اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ○ تحقیق اللہ البتہ صاحب فضل کا ہے اوپر لوگوں کے ولیکن اکثر لوگ نہیں شکر کرتے ❊
۴	آل عمران	۱۱	وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○ اور یاد کرو نعمت اللہ کی اوپر اپنے جس وقت تہے تم دشمن پس الفت ڈالی درمیان دلوں تمہارے کے پس ہوگئے تم ساتہہ نعمت اس کی کے بہائی اور تہے تم اوپر کنارے ایک گڑہے کے آگ سے پس چہوڑایا تم کو اس سے اسیطرح بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے نشانیاں اپنی تو کہ تم راہ پاؤ ❊

پارہ	سورة	رکوع	
۴	ال عمران	۱۱	وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ اور البتہ تحقیق مدد دی تم کو اللہ نے بیچ بدر کے اور تم تھے ذلیل پس ڈرو اللہ سے تو کہ تم شکر کرو ❖
″	″	۱۵	وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ۝ اور البتہ جزا دیگا اللہ شکر کرنے والون کو ❖
″	″	″	وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ۝ اور شتاب جزا دین گے ہم شکر کرنے والون کو ❖
″	″	۱۷	فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۖ پس ساتھ رحمت کے اللہ سے نرم ہو تو واسطے ان کے اگر ہوتا تو سخت خو سخت دل یعنے بے رحم البتہ بھاگ جاتے گرد تیرے سے ❖
″	″	″	فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ پس معاف کر ان سے اور بخشش مانگ واسطے ان کے اور مصلحت کر ان سے بیچ کام کے ❖
″	″	″	لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ تحقیق احسان کیا اللہ نے اوپر ایمان والون کے جس وقت بھیجا بیچ ان کے پیغمبر آپس سے انکی پڑھتا ہے اوپر انکے نشانیان اس کی اور پاک کرتا ہے ان کو اور سکھاتا ہے انکو کتاب اور حکمت اور تحقیق تھے پہلے اس سے البتہ بیچ گمراہی ظاہر کے ❖
۵	النساء	۵	يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ۝ اور ارادہ کرتا ہے اللہ یہہ کہ ہلکا کرے تم سے اور پیدا کیا گیا ہے آدمی ناتوان ❖
″	″	۲۱	مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۚ کیا کرے گا اللہ عذاب کر کر تم کو اگر شکر کرو گے تم اور ایمان لاؤگے تم ❖
″	″	″	وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ۝ اور اللہ ہے قدر دان جاننے والا ❖
۶	المائدة	۱	مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ نہیں ارادہ کرتا اللہ تو کہ کرے اوپر تمہارے تنگی لیکن ارادہ کرتا ہے تو کہ پاک کرے تم کو اور تو کہ پوری کرے نعمت اوپر تمہارے تو کہ تم شکر کرو ❖
″	″	″	وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اور یاد کرو نعمت اللہ کی اوپر اپنے ❖
″	″	″	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْۤا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ اے لوگو ایمان

پارہ	سورۃ	رکوع	
			لائے ہو یاد کر نعمت اللہ کی اوپر اپنے جس وقت قصد کیا ایک جماعت نے یہہ کہ دراز کرین طرف تمہاری ہاتھ اپنے کو پس بند کیئے ہاتھہ اُن کے تم سے اور ڈرو اللہ سے اور اوپر اللہ کے پس چاہیئے کہ توکل کرین ایمان والے ✣
۶	المائدہ	۴	وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِہٖ یٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَ جَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اور جب کہا موسےٰ نے واسطے قوم اپنی کے اے قوم میری یاد کرو نعمت اللہ کی اوپر اپنے جس وقت کئے بیچ تمہارے پیغمبر اور کیا تم کو بادشاہ اور دیا تم کو جو کچہہ کہ نہ دیا کسی کو سارے جہان سے ✣
۷	״	۱۲	كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ واسطے تمہارے نشانیاں اپنی تو کہ تم شکر کرو ✣
״	الانعام	۶	اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ۝ کیا نہیں اللہ جاننے والا شکر کرنے والون کو ✣
״	״	۸	لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ اگر نجات دیگا ہم کو اس آفت سے البتہ ہون گے ہم شکر کرنے والون سے ✣
״	״	״	قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝ کہہ اللہ نجات دیتا ہے تم کو اس سے اور ہر سختی سے پہر تم شرک کرتے ہو ✣
۸	الاعراف	۱	وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ اور تحقیق قدرت دی ہم نے تم کو بیچ زمین کے اور کین ہم نے واسطے تمہارے بیچ اس کے معیشتین تہوڑا سا شکر کرتے ہو ✣
״	״	۲	وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ۝ (ہفت آیات از ما قبل) اور نہیں پاویگا تو اکثر ان کے کو شکر کرنیوالے
״	״	۷	كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ۝ اسی طرح سے بیان کرتے ہین ہم نشانیان واسطے اُس قوم کے کہ شکر کرتے ہین ✣
״	״	۹	فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ پس یاد کرو نعمتین اللہ کی تو کہ تم فلاح پاؤ ✣
״	״	۱۰	فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ پس یاد کرو نعمتین اللہ کی اور مت پہرو بیچ زمین کے فساد کرتے ہوئے ✣
۹	״	۱۷	فَخُذْ مَآ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ پس پکڑ جو کچہہ دیا مین نے تجھکو اور ہو شکر کرنیوالون سے
״	״	۲۴	لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ اگر دیگا تو ہم کو تندرست ہون گے ہم شکر کرنے والون سے

پارہ	سورۃ	رکوع	
۹	الانفال	۳	فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ پس جگہہ دی تم کو اور قوت دی تم کو ساتھہ مدد اپنی کے اور روزی دی تمکو پاکیزہ چیزون سے توکہ تم شکر کرو
۱۰	″	۷	ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ یہہ بسبب اس کے ہے کہ اللہ نہین تہا بدلنے والا نعمت کو کہ انعام کی تہی وہ اوپر کسی قوم کے یہان تک کہ بدل ڈالین وہ اس چیز کو کہ جو کچہہ بیچ جی ان کے ہے اور یہہ کہ اللہ سننے والا جاننے والا ہے
″	التوبۃ	۴	لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ البتہ تحقیق مدد دی تم کو اللہ نے بیچ جگہون بہت کے
۱۱	یونس	۱	هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاۗءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ وہ ہے جس نے کیا سورج کو چمکتا یعنے روشن و درخشندہ اور چاند کو اوجالا اور مقرر کین واسطے اس کے منزلین توکہ جانو تم گنتی برسون کی اور حساب
″	″	۲	فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ۭ پس جب کہول دیتے ہین ہم ایذا اس کی چلا جاتا ہے جیسے کہ نہ پکارا تہا ہم کو طرف ایذا کی ❊
″	″	۳	وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّاۗءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ○ اور جب وقت چکہاتے ہین ہم لوگون رحمت پیچہے سختی کے کہ لگی ہو ان کو ناگہان ان کو مکر ہوتا ہے بیچ نشانیون ہماری کے ❊
″	″	″	هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وہ ہے جو چلاتا ہے تم کو بیچ جنگل کے اور دریا کے ❊
″	″	″	لَىِٕنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ○ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ (تا تعلمون) اگر نجات دیگا تو ہم کو اس سے البتہ ہووین گے ہم شکر کرنے والون سے پس جب نجات دی ان کو ❊
″	″	۴	قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ کہو کون شخص رزق دیتا ہے تم کو آسمان سے اور زمین سے
″	″	″	قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ کہہ کہ اللہ ہدایت کرتا ہے واسطے حق کے
″	″	۶	اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَي النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَھُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ تحقیق اللہ البتہ صاحب فضل کا ہے اوپر لوگون کے ولیکن بہت ان کے نہین شکر کرتے ❊
۱۲	ھود	۲	وَلَىِٕنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ ۚ اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ اور اگر چکہاوین ہم آدمی کو اپنی طرف سے رحمت پہر کہینچ لیوین اُس سے اُس کو تحقیق وہ البتہ ناامید ناشکر ہے ❊
″	″	″	وَلَىِٕنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَاۗءَ بَعْدَ ضَرَّاۗءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ۭ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ

پاره	سورة	رکوع	
			تخفورہ اور اگر چکہا دین ہم اس کو نعمت پیچہے سختی کے کہ لگی تہی اس کو البتہ کہے گا کہ گئین برائیان مجہہ سے تحقیق وہ خوشیان کرنے والا شیخی خوار ہے ✣
۱۲	یوسف	۵	ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ یہہ فضل اللہ کے سے ہے اوپر ہمارے اور اوپر لوگون کے ولیکن اکثر لوگ نہین شکر کرتے ✣
۱۳	״	۱۰	قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا إِنَّهُ مَنْ يَتَّقِ وَيَصْبِرْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ تحقیق احسان کیا اللہ نے اوپر ہمارے تحقیق جو کوئی پرہیزگاری کرے اور صبر کرے پس تحقیق اللہ نہین ضائع کرتا ثواب احسان کرنے والون کا ✣
״	״	۱۱	وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاءَ بِكُمْ مِنَ الْبَدْوِ اور تحقیق احسان کیا ساتہہ میرے جس وقت نکالا مجہکو قید خانے سے اور لے آیا تم کو جنگل سے ✣
״	״	״	رَبِّ قَدْ آتَيْتَنِي مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِي مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ الآیہ اے پروردگار میرے تحقیق دی تو نے مجہکو کچہہ بادشاہی اور سکہائی تو نے مجہکو تعبیر خوابون کی یعنے باتون کی ✣
״	الرعد	۱	وَهُوَ الَّذِي مَدَّ الْأَرْضَ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْهَارًا ط وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ جَعَلَ فِيهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ اور وہی ہے جس نے کہینچا زمین کو اور کئے بیچ اُس کے پہاڑ اور نہرین اور ہر میوے سے کیئے بیچ اس کے جوڑے دو قسم کے ڈہانک دیتی ہے رات دن کو
״	״	۲	إِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوا مَا بِأَنْفُسِهِمْ تحقیق اللہ نہین بدلتا ہی اس معاملت کو ساتہہ کسی قوم کے ہے یہان تک کہ بدل ڈالین وہ جو کچہہ بیچ جی ان کے ہے
״	ابراهیم	۱	كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ إِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ بِإِذْنِ رَبِّهِمْ إِلَى صِرَاطِ الْعَزِيزِ الْحَمِيدِ یہہ کتاب ہے اوتارا ہم نے اُس کو طرف تیری تو کہ نکالے تو لوگون کو اندہیرون سے طرف اوجالے کی ساتہہ حکم پروردگار ان کے کے طرف راہ عزت والے تعریف کیئے گئے اللہ کی
״	״	۲	وَإِذْ تَأَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِي لَشَدِيدٌ اور جب پکار دیا پروردگار تمہارے نے اگر شکر کرو تم البتہ زیادہ دونگا مین تم کو اور اگر کفر کروگے تم تحقیق عذاب میرا البتہ سخت ہے ✣
״	״	۵	أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ بَدَّلُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَأَحَلُّوا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ط سہ آیات تا إِلَى النَّارِ) کیا نہ دیکہا تو نے طرف ان لوگون کی کہ بدل ڈالا انہون نے نعمت اللہ کی کو کفر سے اور اوتارا قوم اپنی کو گہر ہلاک کے بین

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۳	ابراہیم	۵	اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ (سہ آیات تا کفّارہ بیان نعمت ہائے گوناگون) اللہ وہ ہے جس نے پیدا کیا آسمانون کو ؎
"	"	"	وَاٰتٰکُمْ مِّنْ کُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْہُ ؕ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْہَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ کَفَّارٌ ۝ اور دیا تم کو بعضے ہر چیز سے جو سوال کرتے ہو تم سکو اور اگر گنون نعمتیں اللہ کی نہ پورا کر سکو ان کو تحقیق انسان البتہ ظلم کرنے والا ہے کفر کرنے والا ؎
"	"	۶	فَاجْعَلْ اَفْئِدَۃً مِّنَ النَّاسِ تَہْوِیْۤ اِلَیْہِمْ وَارْزُقْہُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّہُمْ یَشْکُرُوْنَ ۝ پس کر دل کتنے لوگون کے جھکتے ہون طرف اُن کی اور رزق دے انکو میودن سے تو کہ وہ شکر کرین ؎
"	"	"	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ وَہَبَ لِیْ عَلَی الْکِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جس نے بخشا مجھکو اوپر بڑھاپے کے اسمٰعیل اور اسحٰق تحقیق پروردگار میرا البتہ سننے والا دُعا کا ہے
۱۴	الحجر	۶	وَلَقَدْ اٰتَیْنٰکَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ ۝ لَا تَمُدَّنَّ عَیْنَیْکَ اِلٰی مَا مَتَّعْنَا بِہٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْہُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْہِمْ اور البتہ تحقیق دین ہم نے تجھکو سات چیزین کہ دوہری جاتی ہین اور قرآن بڑا مت لنبی کر دو آنکھون اپنی طرف اس چیز کی کہ فایدہ دیا ہے ہمنے ساتھ اس کے کتنی قسمون کو ان مین سے اور مت غم کہا اُوپر اُن کے ؎
"	"	"	وَاخْفِضْ جَنَاحَکَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ ۝ (این کمال احسان الٰہی ست بر مومنان) اور نیچے کر بازو اپنے کو واسطے ایمان والون کے ؎
"	النحل	۱	وَالْاَنْعَامَ خَلَقَہَا ۚ لَکُمْ (چہار آیات تا تعلمون بیان نعمتہائے گوناگون) اور چارپایون کو پیدا کیا واسطے تمہارے ؎
"	"	۲	وَہُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً (بارہ آیات تا مستکبرون بیان نعمت ہای گوناگون و بے شمار و احسانات حق سبحانہ و تعالے و طلب شکر از بندگان و منع شرک و کفر) وہ ہے جس نے اتارا ہے آسمان سے پانی ؎
"	"	"	وَلَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ ۝ اور توکہ تم شکر کرو ؎
"	"	"	وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْہَا ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ اور اگر گنو تم نعمتیں اللہ کی نہ پورا کر سکو اُن کو تحقیق اللہ البتہ بخشنے والا مہربان ہے ؎

پارہ	سورۃ	رکوع	
١٤	النحل	٧	وَمَا بِكُمْ مِنْ نِعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ إِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَإِلَيْهِ تَجْأَرُونَ (تا چند آیات مؤید ہمین مضمون) اور جو کچھ تمہارے پاس ہے نعمت سے پس اللہ کی طرف سے ہے پھر جب لگتی ہے تمکو سختی پس طرف اس کی فریاد کرتے ہو ۞
〃	〃	٨	وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَابَّةٍ وَلٰكِنْ يُؤَخِّرُهُمْ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى اور اگر پکڑے اللہ لوگون کو ساتھ ظلم ان کے کے نہ چھوڑے اوپر روئے زمین کے کوئی جینے والا لیکن ڈھیل دیتا ہے ان کو ایک وقت مقرر تک ۞
〃	〃	〃	وَمَا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ إِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ اور نہین اتاری ہم نے اوپر تیرے کتاب مگر تو کہ بیان کرے تو واسطے انکے وہ چیز کہ اختلاف کرتے ہین بیچ اس کے اور ہدایت اور رحمت واسطے اس قوم کے کہ ایمان لاتے ہین
〃	〃	〃	وَاللّٰهُ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا اور اللہ نے اتارا ہی آسمان سے پانی پس زندہ کیا ساتھ اس کے زمین کو پیچھے موت اس کی کے ۞
〃	〃	٩	وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهَا (چہار آیات تا یتفکرون بیان بعض نعمت ہا) اور تحقیق واسطے تمہارے بیچ چار پایون کے البتہ عبرت ہے پلاتے ہین ہم تم کو اس چیز سے کہ بیچ پیٹون ان کے کے ہے ۞
〃	〃	١٠	وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَجَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ بَنِينَ وَحَفَدَةً وَرَزَقَكُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ اور اللہ نے پیدا کین واسطے تمہارے جنس تمہاری سے جوروین اور پیدا کیے واسطے تمہارے بی بیون تمہاری سے بیٹے اور پوتے اور رزق دیا تم کو پاکیزہ چیزون سے
〃	〃	〃	أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُونَ ۝ کیا پس ساتھ باطل کے ایمان لاتے ہین اور ساتھ نعمت اللہ کے وہ کفر کرتے ہین ۞
〃	〃	١١	وَاللّٰهُ أَخْرَجَكُمْ مِنْ بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ لَا تَعْلَمُونَ شَيْئًا وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ اور اللہ نے نکالا تم کو پیٹون ماؤن تمہاری سے نہین جانتے تھے کچھ اور کیا واسطے تمہارے کان اور آنکھین اور دل تو کہ تم شکر کرو ۞
〃	〃	〃	وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ بُيُوتِكُمْ (دو آیت در بیان بعض نعمت ہا) اور اللہ نے کیے واسطے تمہارے گھرون تمہارے سے ۞
〃	〃	〃	كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُونَ ۝ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝

پارہ	سورة	رکوع	
			اسی طرح پورا کرتا ہے نعمت اپنی کو اوپر تمہارے سے تو کہ تم مطیع ہو پس اگر پہر جاوین پس سوائے اس کے نہین کہ اوپر تیرے ہے پہونچا دینا ظاہر ❖
۱۴	النحل	۱۱	یَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ یُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ۠ پہچانتے ہین نعمت اسکی پہر انکار کرتے ہین اس کا اور اکثر ان کے کافر ہین ❖
〃	〃	۱۵	وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْیَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَىِٕنَّةً یَّاْتِیْهَا رِزْقُهَا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا یَصْنَعُوْنَ۠ اور بیان کی اللہ نے مثال ایک بستی کی کہ تہی امن والی چین والی آتا تہا اس کو رزق اسکا بافراغت ہر جگہہ سے پس کفر کیا ساتہ نعمتون اللہ کے پس چکہا دیا اس کو اللہ نے پہناوا بہوک کا اور ڈر کا بہ سبب اس کے کرتے کرتے ❖
〃	〃	〃	وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ۠ اور البتہ تحقیق آیا تہا ان کے پاس ایک پیغمبر ان ہین سے پس جہٹلایا اسکو پس پکڑا انکو عذاب نے اور وہ ظالم تہے ❖
〃	〃	〃	فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَیِّبًا وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ۠ پس کہاؤ اس چیز سے کہ دیا ہے تم کو اللہ نے حلال پاکیزہ اور شکر کرو نعمت اللہ کی اگر ہو تم اسیکو عبادت کرتے
〃	〃	۱۶	شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ اِجْتَبٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (از پیش و پس باید دید) شکر کرنیوالا تہا واسطے نعمتون اس کی کے برگزیدہ کیا تہا اس کو اور راہ دکہائی تہی اس کو طرف راہ سیدہی کی ❖
۱۵	بنی اسرائیل	۱	ذُرِّیَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا اے اولاد ان لوگون کی کہ چڑہائی تہی ہم نے ساتہ نوح کے تحقیق وہ تہا بندہ شکر کرنے والا ❖
〃	〃	۲	وَجَعَلْنَآ اٰیَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ اور کی ہم نے نشانی دن کی دکہلانیوالی تو کہ چاہو تم فضل پروردگار اپنے کے سے اور تو کہ جانو تم گنتی برسون کی اور حساب ❖
〃	〃	۴	وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْیَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓىِٕكَ كَانَ سَعْیُهُمْ مَّشْكُوْرًا اور جو کوئی ارادہ کرتا ہے آخرت کا اور سعی کرتا ہے واسطے اس کے جو سعی اس کی ہے اور وہ ایمان والا ہے پس یہ لوگ ہین سعی ان کی قدردانی کی گئی ❖
〃	〃	۵	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِیَذَّكَّرُوْا اور البتہ تحقیق طرح طرح سے بیان کیا ہم نے بیچ اس قرآن کے تو کہ نصیحت پکڑین ❖

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۵	بنی اسرائیل	۷	رَبُّكُمُ الَّذِي يُزْجِي لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ إِنَّهُ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ۔ رب تمہارا وہ ہے جو چلاتا ہے واسطے تمہارے کشتیان بیچ دریا کے تو کہ چاہو فضل اس کے سے تحقیق وہ ہے ساتھ تمہارے مہربان ❖
″	″	″	وَكَانَ الْإِنْسَانُ كَفُورًا ۔ اور ہے آدمی ناشکر گذار ❖
″	″	″	وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَىٰ كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا اور البتہ تحقیق عزت دی ہم نے بنی آدم کو اور چڑہایا ہم نے ان سواریوں پر بیچ جنگل کے اور دریا کے اور رزق دیا ہم نے ان کو پاکیزہ سے اور بزرگی دی ہم نے ان کو اوپر بہتوں کے ان لوگوں سے کہ پیدا کیے ہم نے بزرگی دینا ❖
″	″	۹	وَإِذَا أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنْسَانِ أَعْرَضَ وَنَأَىٰ بِجَانِبِهِ ۚ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَئُوسًا ۔ اور جب نعمت بھیجتے ہیں ہم اوپر انسان کے منہ پھیر لیتا ہے اور دور کر لیتا ہے کروٹ اپنی اور جب لگتی ہے اس کو برائی ہوتا ہے ناامید ❖
″	الکہف	۱	الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَىٰ عَبْدِهِ الْكِتَابَ (سہ آیات) سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جس نے اتاری اوپر بندے اپنے کے کتاب ❖
۱۶	طٰہٰ	۱	الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْدًا وَسَلَكَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا وَأَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِنْ نَبَاتٍ شَتَّىٰ ۔ كُلُوا وَارْعَوْا أَنْعَامَكُمْ جس نے کیا واسطے تمہارے زمین کو بچھونا اور چلائیں واسطے تمہارے بیچ اس کے راہیں اور اتارا آسمان سے پانی پس نکالے ہم نے ساتھ اس کے اقسام روئیدگی کے مختلف ❖
۱۷	الانبیاء	۶	فَهَلْ أَنْتُمْ شَاكِرُونَ ۔ پس کیا ہو تم شکر کرنے والے ❖
″	الحج	۵	كَذَٰلِكَ سَخَّرْنَاهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۔ اسیطرح مسخر کیا ہم نے ان کو واسطے تمہارے تو کہ تم شکر کرو
۱۸	المؤمنون	۱	وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ سُلَالَةٍ مِنْ طِينٍ (تا آخر رکوع تا الخالقون) اور تحقیق پیدا کیا ہم نے آدمی کو ستی ہوئی یعنی بچی مٹی سے
″	″	۵	وَهُوَ الَّذِي أَنْشَأَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ۚ قَلِيلًا مَا تَشْكُرُونَ ۔ اور وہی ہے جس نے پیدا کیا واسطے تمہارے شنوائی اور بینائی اور دل تھوڑا شکر کرتے ہو ❖
۱۹	الفرقان	۵	وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِبَاسًا (چہار آیات بیان چند نعمتہا و شکایت ناشکری اکثر کسان) اور وہی ہے جس نے کیا واسطے تمہارے رات کو پردہ ❖

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۹	الفرقان	۶	تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ۝ بہت برکت والا ہی جس نے کیے بیچ آسمان کے برج اور کیا بیچ اُس کے چراغ یعنے سورج اور چاند روشن ۞
″	″	″	وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ۝ اور وہی ہے جس نے کیا رات کو اور دن کو آگے پیچھے آنے والے واسطے اُسکے کہ ارادہ کرتا ہے کہ نصیحت پکڑے یا ارادہ کرتا ہے شکر کرنا ۞
″	النمل	۲	وَقَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْۤ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ اور کہا ای رب میرے توفیق دے مجھکو یہہ کہ شکر کرون جو نعمت تیری کہ جو نعمت رکھی ہے تو نے اوپر میرے اور اوپر ماں باپ میرے کے اور یہہ کہ عمل کرون مین نیک پسند کرے تو اس کو اور داخل کر مجھکو ساتھ رحمت اپنی کے بیچ بندون اپنے صالحون کے ۞
″	″	۳	قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ لِيَبْلُوَنِيْۤ ءَاَشْكُرُ اَمْ اَكْفُرُ ۝ کہا یہہ ہے فضل پروردگار میرے کے سے تو کے آزما دے مجھکو کہ شکر کرتا ہون مین یا کفر کرتا ہون مین ۞
″	″	″	وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ۝ اور جو کوئی شکر کرے پس سوا اس کے نہین کہ شکر کرتا ہے واسطے جان اپنی کے اور جو کوئی ناشکری کرے پس تحقیق پروردگار میرا البتہ بے پروا ہے کرم کرنے والا ۞
۲۰	″	۶	وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝ اور تحقیق پروردگار تیرا البتہ صاحب فضل کا ہے اوپر لوگون کے ولیکن بہت ان کے نہین شکر کرتے ۞
″	″	۷	اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۝ کیا نہین دیکھا انہون نے یہہ کہ کی ہم نے رات لوگو آرام پکڑین بیچ اس کے اور دن کو دکھلانے والا ۞
″	″	۵	اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً (تا آخر رکوع بیان چند نعمت ہای واحسان ہاے حق سبحانہ وتعالیٰ) آیا کس نے پیدا کیا ہے آسمانون کو اور زمین کو اور اتارا واسطے تمہارے آسمان سے پانی ۞
″	القصص	۲	قَالَ رَبِّ بِمَاۤ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ فَلَنْ اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ۝ کہا ای رب میرے اس واسطے کہ انعام کیا تو نے اوپر میرے پس ہرگز نہ ہونگا مین پشتیبان گنہ گارون کا ۞
″	″	۷	لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ واسطے اسیکے ہے سب تعریف

پارہ	سورۃ	رکوع	
			دنیا کی اور آخرت کی اور واسطے اوسی کے ہے حکم اور طرف اسکی پہیرے جاؤگے ÷
۲۰	القصص	۷	قُلْ اَرَاَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الَّيْلَ سَرْمَدًا (دو آیت تا تبصرون ٥) کہہ کیا دیکھا تم نے اگر کر دیوے اللہ اوپر تمہارے رات کو ہمیشہ
〃	〃	〃	وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ٥ اور مہربانی اپنی سے کیا واسطے تمہارے رات اور دن کو تو کر آرام پکڑو بیچ اس کے اور تو کر چاہو فضل اسکے سے اور تو کر شکر کرو ÷
〃	〃	۹	مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ٥ جو کوئی آوے ساتھ نیکی کے پس واسطے اس کے بہتر ہے اس سے اور جو کوئی آوے ساتھ برائی کے پس جزا دیئے جاوینگے وہ لوگ کہ کئے ہین انہون نے برائیان مگر جو کچہ کرتے تہے ÷
〃	العنکبوت	۲	فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ٥ پس ڈہونڈو نزدیک خدا کے رزق اور عبادت کرو اس کو اور شکر کرو اس کا طرف اسی کی پہیرے جاؤگے ÷
۲۱	الروم	۲	وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ يُخْرِجُ الْحَيَّ (الآیۃ) اور واسطے اس کے ہے سب تعریف بیچ آسمانون کے اور بیچ زمین کے اور تیسرے پہر اور جب ظہر کرتے ہو تم نکالتا ہے زندے کو ÷
〃	〃	۳	وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ (چند آیات) اور نشانیان اوس کی سے ہے یہ کہ پیدا کیا تم کو مٹی سے ÷
〃	〃	〃	وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ اور نشانیون اس کی سے ہے یہ کہ پیدا کیا واسطے تمہارے آپس تمہاری سے جوڑا تو کر آرام پکڑو طرف اس کی اور کیا درمیان تمہارے پیار اور مہربانی تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیان ہین واسطے اس قوم کے کہ فکر کرتے ہین ÷
〃	〃	〃	وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَآؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اور نشانیون اس کی سے ہے سونا تمہارا بیچ رات کے اور دن کے اور ڈہونڈنا تمہارا فضل اس کے سے ÷
〃	〃	۵	وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ اور نشانیون اس کی سے ہے یہ کہ بہیجتا ہے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			باؤن کو خوشخبری دینے والیان اور توکہ چکہاوے تم کو مہربانی اپنی سے اور توکہ جاری ہووین کشتیان ساتہ حکم اس کے کے اور توکہ ڈہونڈو فضل اس کے سے اور توکہ تم شکر کرو ؞
۲۱	لقمن	۲	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ۝ اور البتہ تحقیق دی ہم نے لقمان کو حکمت یہ کہ شکر کرو واسطے اللہ کے ؞
″	″	″	وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ اور جو کوئی شکر کرتا ہی پس سوائے اس کے نہین کہ شکر کرتا ہے واسطے فائدہ جان اپنی کے اور جو کوئی کفر کرتا ہے پس تحقیق اللہ بے پرواہ ہے تعریف کیا گیا ؞
″	″	۳	اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً کیا نہین دیکہا تم نے کہ اللہ نے مسخر کیا واسطے تمہارے جو کچہ بیچ آسمانون کے ہے اور جو کچہ بیچ زمین کے ہے اور پورا کیا اوپر تمہارے نعمتین اپنی ظاہر اور باطن کو ؞
″	″	۴	اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ کیا نہ دیکہا تو نے یہ کشتیان چلتی ہین بیچ دریا کے ساتہ نعمتون اللہ کی توکہ دکہلاوے تم کو نشانیان اپنی سے ؞
″	″	″	اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیان ہین واسطے ہر صبر کرنے والے شکر کرنے والے کے ؞
″	″	″	وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ اور نہین انکار کرتا ساتہ نشانیون ہماری کے مگر ہر ایک عہد توڑنے والا کفر کرنے والا ؞
″	السجدہ	۱	وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ اور کیا واسطے تمہاری سننا اور دیکہنا اور دل تہوڑا سا شکر کرتے ہو ؞
″	الاحزاب	۲	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ای لوگو جو ایمان لائے ہو یاد کرو نعمت اللہ کی کو اوپر اپنے ؞
۲۲	″	۵	وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ اور جس وقت کہ کہتا تو واسطے اس شخص کے کہ نعمت رکہی ہے اللہ نے اوپر اس کے اور نعمت رکہی تو نے اوپر اس کے تہام رکہہ اوپر اپنے بی بی اپنی کو اور ڈر خدا سے ؞
″	″	۶	هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰۗىِٕكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا وہی ہے جو رحمت بہیجتا ہے اوپر تمہارے اور فرشتے اس کے توکہ نکالے تم کو اندہیرون سے

پارہ	سورة	رکوع	
			طرف روشنی کی اور ہے ساتھ ایمان والون کے مہربان ۔
۲۲	السبا	۲	اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ۭ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ عمل کرو ای آل داؤد کی واسطے شکر کے اور تہوڑے ہین بندون میرے سے شکر کرنے والے ۔
״	״	״	كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ کہاؤ رزق پروردگار اپنے کے سے اور شکر کرو واسطے اسکے
״	״	״	فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ پس منہ پھیر لیا انہون نے پس بہیجا ہم نے اوپر انکے نالہ زور کے اور بدلدیا ہم نے انکو بدلے دو باغون انکے کے دو باغ میوے والی بدمزہ اور جہاؤ اور کچھ بیر سے تہوڑے
״	״	״	ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ۭ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ یہہ بدلہ دیا ہم نے ان کو بسبب اس کے کہ کفر کیا انہون نے اور نہین جزا دیتے ہم مگر ناشکر کو ۔
״	״	״	اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیان ہین واسطے ہر صبر کرنے والے شکر کرنے والے کے ۔
״	فاطر	۱	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ۭ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ای لوگو یاد کرو نعمت اللہ کی کو اوپر اپنے کیا ہے کوئی پیدا کرنے والا سوائے خدا کے کہ رزق دیوے تم کو آسمان سے اور زمین سے ۔
״	״	۲	لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ (چند آیات از پیش و پس) تو کہ ڈہونڈو فضل اسکے سے اور تو کہ تم شکر کرو ۔
״	״	۴	كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ (از پیش و پس باید دید ۔ سزاے سخت ناشکری نعوذ باللہ) اسی طرح جزا دیتے ہین ہم کفر کرنے والے کو ۔
۲۳	یس	۳	وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ (دو آیت تا اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ) اور نشانی ہے واسطے ان کے زمین مردہ
״	״	۵	اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ (سہ آیات تا اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ) کیا نہین دیکھتے کہ پیدا کیا ہم نے واسطے انکے
״	״	״	وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً (دو آیت تا مُحْضَرُوْنَ موید این مضمون) اور پکڑتے ہین سوائے خدا کے معبود ۔
״	الزمر	۱	وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ اور اگر شکر کرو تم پسند کریگا اس کو واسطے تمہارے ۔
۲۴	״	۵	فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۡ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰي عِلْمٍ ۭ بَلْ هِىَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ پس جب لگتی ہے آدمی کو سختی پکارتا ہے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			ہم کو پہر دیتے ہین اس کو نعمت اپنی طرف سے کہتا ہے سوائے اس کے نہین کہ دیا گیا ہون مین اسکو اوپر علم کے ولیکن اکثر ان کے نہین جانتے ؛
۲۴	الزمر	۷	بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ بلکہ اللہ ہی کو عبادت کر اور ہو شکر کرنے والون سے ؛
״	المؤمن	۱	اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ (سے آیات تا) وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ بیچ قدر احسان حق سبحانہٗ وتعالے بر اہل ایمان ست وہ لوگ جو اٹہا رہے ہین عرش کو ؛
